| سَيَعْلَمُوْنَ غَدًا | عنقریب ضرور کل وہ جان لیں گے |
| مَّنِ الْكَذَّابُ الْاَشِرُ ﴿26﴾ | (کہ) بڑا جھوٹا (اور) متکبر کون ہے۔ ﴿26﴾ |
| اِنَّا مُرْسِلُوا النَّاقَةِ | (اے صالح) بے شک ہم اُونٹنی کے بھیجنے والے ہیں |

ع 1/22 8

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| وَ | : لیل و نہار، رحم و کرم، شان و شوکت۔ | نَتَّبِعُهٗٓ | : اتباع، تابع، متبع سنت۔ |
| يَسَّرْنَا | : میسر۔ | ضَلٰلٍ | : ضلالت و گمراہی۔ |
| لِلذِّكْرِ | : ذکر، اذکار، تذکیر۔ | اُلْقِيَ | : القاء۔ |
| كَذَّبَتْ | : کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔ | عَلَيْهِ | : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔ |
| بِالنُّذُرِ | : بشارت و انذار، بشیر و نذیر۔ | بَيْنِنَا | : بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔ |
| فَقَالُوْٓا | : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔ | بَلْ | : بلکہ۔ |
| بَشَرًا | : بشر، بشری تقاضا، نور و بشر، خیر البشر۔ | سَيَعْلَمُوْنَ | : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔ |
| وَاحِدًا | : واحد، احد، توحید، موحّد، وحدانیت۔ | مُرْسِلُوا | : رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ | لَقَدْ | يَسَّرْنَا ① | الْقُرْاٰنَ ② | لِلذِّكْرِ |
| اور | بلاشبہ یقیناً | ہم نے آسان بنا دیا ہے | قرآن (کو) | نصیحت کے لیے |

ع 22 8

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فَهَلْ | مِنْ مُّدَّكِرٍ ③④⑤ ﴿22﴾ ع | كَذَّبَتْ ⑥ | ثَمُوْدُ ② | بِالنُّذُرِ ﴿23﴾ |
| تو کیا (ہے) | کوئی نصیحت حاصل کرنیوالا (ہے) | جھٹلایا | ثمود نے (بھی) | ڈرانے والوں کو |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| فَقَالُوْٓا | اَ | بَشَرًا ⑤ | مِّنَّا | وَاحِدًا | نَّتَّبِعُهٗٓ ۙ |
| پس انہوں نے کہا | کیا | ایک آدمی | (جو) ہم ہی میں سے | تنہا ہے | ہم پیروی کریں اسکی؟ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّآ | اِذًا | لَّفِيْ ضَلٰلٍ | وَّ | سُعُرٍ ﴿24﴾ | ءَ |
| بیشک ہم | (تو) تب | یقیناً گمراہی میں | اور | دیوانگی (میں پڑ گئے) | کیا |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اُلْقِيَ ⑦ | الذِّكْرُ | عَلَيْهِ | مِنْۢ بَيْنِنَا | بَلْ |
| القاء (نازل) کی گئی ہے | (یہ) نصیحت | اِسی پر | ہمارے درمیان میں سے | (نہیں) بلکہ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| هُوَ | كَذَّابٌ | اَشِرٌ ﴿25﴾ | سَيَعْلَمُوْنَ | غَدًا |
| وہ | بڑا جھوٹا | (اور) متکبر (ہے) | عنقریب ضرور وہ سب جان لیں گے | کل |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مَّنِ | الْكَذَّابُ | الْاَشِرُ ﴿26﴾ | اِنَّا | مُرْسِلُوا ④⑧ | النَّاقَةِ ⑥ |
| کون (ہے) | بڑا جھوٹا | (اور) متکبر | (اے صالح) بیشک ہم | بھیجنے والے (ہیں) | اونٹنی (کے) |

## ضروری وضاحت

① فعل کے آخر میں نَا سے پہلے جزم ہوتو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔② فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول اور اگر پیش ہو تو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔③ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔④ مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔⑤ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥ تْ اور ۃ مؤنث کی علامتیں ہیں۔⑦ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ④ یہاں وْا کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

| | |
|---|---|
| فِتْنَةً لَّهُمْ | ان کو آزمانے کے لیے |
| فَارْتَقِبْهُمْ وَاصْطَبِرْ 27 | پس تم دیکھتے رہو اُنہیں اور خوب صبر کرو۔ 27 |
| وَنَبِّئْهُمْ اَنَّ الْمَآءَ | اور اُنہیں آگاہ کردو کہ بے شک پانی |
| قِسْمَةٌۢ بَيْنَهُمْ ۚ | اُن کے درمیان تقسیم شدہ ہے |
| كُلُّ شِرْبٍ مُّحْتَضَرٌ 28 | ہر (ایک اپنی) پینے کی باری پر حاضر ہوا جائے گا۔ 28 |
| فَنَادَوْا صَاحِبَهُمْ | پھر انہوں نے پکارا اپنے ساتھی کو |
| فَتَعَاطٰى فَعَقَرَ 29 | سو اُس نے (اُسے) پکڑا پس کونچیں کاٹ دیں۔ 29 |
| فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِىْ وَنُذُرِ 30 | پھر کیسا تھا میرا عذاب اور (میرا) ڈرانا۔ 30 |
| اِنَّآ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ صَيْحَةً وَّاحِدَةً | بے شک ہم نے بھیجی اُن پر ایک چیخ |
| فَكَانُوْا | تو وہ (ایسے) ہو گئے |
| كَهَشِيْمِ الْمُحْتَظِرِ 31 | جیسے باڑ لگانے والے کی روندی (اور ٹوٹی) ہوئی باڑ ہو۔ 31 |
| وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ | اور بلاشبہ یقیناً ہم نے آسان بنا دیا ہے قرآن کو |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | |
|---|---|
| فِتْنَةً : فتنہ وفساد، فتنہ پرور، فتنہ برپا ہونا۔ | مُّحْتَضَرٌ : حاضر، حاضری، استحضار۔ |
| اصْطَبِرْ : صبر جمیل، صبر و تحمل، صابر۔ | فَنَادَوْا : نداء، منادی، ندائے ملت۔ |
| نَبِّئْهُمْ : نبی، انبیا۔ | صَاحِبَهُمْ : صاحب، صحبت، صحابی، صحابہ۔ |
| الْمَآءَ : ماء الحیات، ماء اللحم۔ | فَكَيْفَ : کیفیت، بہر کیف، کوائف۔ |
| قِسْمَةٌ : قِسم، اقسام، تقسیم، منقسم۔ | نُذُرِ : بشارت وانذار، بشیر ونذیر۔ |
| بَيْنَهُمْ : بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔ | اَرْسَلْنَا : رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔ |
| كُلُّ : کل نمبر، کل کائنات، کل جہان۔ | وَّاحِدَةً : واحد، احد، توحید، موحّد، وحدانیت۔ |
| شِرْبٍ : شربت، مشروب، اکل وشرب۔ | يَسَّرْنَا : میسر۔ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فِتۡنَةً ① | لَّهُمۡ ② | فَارۡتَقِبۡهُمۡ ③ | وَ | اصۡطَبِرۡ ﴿27﴾ |
| آزمانے (کیلئے) | اُن کو | پس تم دیکھتے رہو اُنہیں | اور | خوب صبر کرو |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | نَبِّئۡهُمۡ ③ | اَنَّ | الۡمَآءَ | قِسۡمَةٌۢ ① | بَيۡنَهُمۡ ③ |
| اور | آگاہ کردو اُنہیں | کہ بے شک | پانی | تقسیم شدہ (ہے) | اُن کے درمیان |

| | | | |
|---|---|---|---|
| كُلُّ شِرۡبٍ | مُّحۡتَضَرٌ ④ ﴿28﴾ | فَنَادَوۡا | صَاحِبَهُمۡ ③ |
| ہر (باری والا اپنی) پینے کی باری پر | حاضر ہوا جائے گا | پھر انہوں نے پکارا | اپنے ساتھی (کو) |

| | | | |
|---|---|---|---|
| فَتَعَاطٰى | فَعَقَرَ ﴿29﴾ | فَكَيۡفَ | كَانَ |
| سو اُس نے (اُسے) پکڑا | پس کونچیں کاٹ دیں | پھر کیسا | تھا |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| عَذَابِىۡ | وَ | نُذُرِ ⑤ ﴿30﴾ | اِنَّاۤ اَرۡسَلۡنَا ⑥ | عَلَيۡهِمۡ |
| میرا عذاب | اور | میرا ڈرانا | بے شک ہم نے بھیجی | ان پر |

| | | |
|---|---|---|
| صَيۡحَةً وَّاحِدَةً ① | فَكَانُوۡا | كَهَشِيۡمِ الۡمُحۡتَظِرِ ﴿31﴾ |
| ایک چیخ | تو وہ سب (ایسے) ہوگئے | جیسے باڑ لگانے والے کی روندی ہوئی باڑ (ہو) |

| | | | |
|---|---|---|---|
| وَ | لَقَدۡ ⑦ | يَسَّرۡنَا | الۡقُرۡاٰنَ |
| اور | بلاشبہ یقیناً | ہم نے آسان بنادیا ہے | قرآن (کو) |

### ضروری وضاحت

① یہاں ةً واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ② لَهُمۡ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ ہوجاتا ہے۔ ③ هُمۡ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ انہیں اور اسم کے آخر میں انکا یا اپنا کیا جاتا ہے۔ ④ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زبر میں کیا ہوا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑤ نُذُرِ اصل میں نُذُرِیۡ تھا آخر سے یۡ تخفیف کے لیے گری ہوئی ہے اسی کا ترجمہ میرا کیا گیا ہے۔ ⑥ اِنَّا کے نَا اور اَرۡسَلۡنَا کے نَا دونوں کا ملا کر ترجمہ ہم نے کیا گیا ہے۔ ⑦ لَ اور قَدۡ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔

| | |
|---|---|
| لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿32﴾ | نصیحت کے لیے تو کیا کوئی نصیحت حاصل کرنیوالا ہے ﴿32﴾ |
| كَذَّبَتْ قَوْمُ لُوْطٍۭ بِالنُّذُرِ ﴿33﴾ | قوم لوط نے (بھی) ڈرانے والوں کو جھٹلایا۔ ﴿33﴾ |
| اِنَّآ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ حَاصِبًا | بیشک ہم نے بھیجی اُن پر پتھر برسانے والی ہوا |
| اِلَّآ اٰلَ لُوْطٍ ؕ | سوائے لوط کے گھر والوں کے |
| نَجَّيْنٰهُمْ بِسَحَرٍ ۙ﴿34﴾ | ہم نے نجات دی اُنہیں سحر کے وقت۔ ﴿34﴾ |
| نِّعْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا ؕ | مہربانی کرتے ہوئے اپنی طرف سے |
| كَذٰلِكَ نَجْزِيْ مَنْ شَكَرَ ﴿35﴾ | اسی طرح ہم بدلہ دیتے ہیں (اُسے) جو شکر کرے۔ ﴿35﴾ |
| وَلَقَدْ اَنْذَرَهُمْ بَطْشَتَنَا | اور بلاشبہ یقیناً اُس نے ڈرایا اُنہیں ہماری پکڑ سے |
| فَتَمَارَوْا بِالنُّذُرِ ﴿36﴾ | تو انہوں نے شک کیا ڈراوے میں۔ ﴿36﴾ |
| وَلَقَدْ رَاوَدُوْهُ | اور بلاشبہ یقیناً انہوں نے بہکایا اُسے |
| عَنْ ضَيْفِهٖ | اُس کے مہمانوں کے بارے میں |
| فَطَمَسْنَآ اَعْيُنَهُمْ | تو ہم نے مٹادیں (یعنی اندھی کردیں) اُن کی آنکھیں |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| كَذَّبَتْ | : کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔ | بِسَحَرٍ | : سحری، اوقاتِ سحر وافطار۔ |
| قَوْمُ | : قوم، اقوام، قومیت، من حیث القوم۔ | نِّعْمَةً | : نعمت، انعام، منعم حقیقی۔ |
| بِالنُّذُرِ | : بشارت وانذار، بشیر ونذیر۔ | مِّنْ | : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔ |
| اَرْسَلْنَا | : رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔ | عِنْدِنَا | : عندالطلب، عنداللہ ماجور ہوں، عندیہ۔ |
| عَلَيْهِمْ | : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔ | نَجْزِيْ | : جزاوسزا، جزاک اللہ خیراً، جزائے خیر۔ |
| اِلَّآ | : اِلاماشاءاللہ، اِلاقلیل، اِلا یہ کہ۔ | شَكَرَ | : شکر، شاکر، اظہارِ تشکر، شکر گزار۔ |
| اٰلَ | : آل واولاد، آل رسول۔ | ضَيْفِهٖ | : ضیافت، دارالضیافہ۔ |
| نَجَّيْنٰهُمْ | : نجات، فرقہ ناجیہ، نجات دہندہ۔ | اَعْيُنَهُمْ | : عینی شاہد، معاینہ، عین سامنے۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| لِلذِّكْرِ | فَهَلْ | مِنْ مُّدَّكِرٍ ①②③ (32) | كَذَّبَتْ ④ |
| نصیحت کے لیے | تو کیا | کوئی نصیحت حاصل کرنیوالا (ہے) | جھٹلایا |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| قَوْمُ لُوْطٍۭ | بِالنُّذُرِ (33) | اِنَّآ | اَرْسَلْنَا | عَلَيْهِمْ |
| قوم لوط (نے بھی) | ڈرانے والوں کو | بیشک ہم نے | ہم نے بھیجی | اُن پر |

| | | | |
|---|---|---|---|
| حَاصِبًا | اِلَّآ | اٰلَ لُوْطٍ ؕ | نَجَّيْنٰهُمْ ⑤ |
| پتھر برسانے والی ہوا | سوائے | لوط کے گھر والوں کے | ہم نے نجات دی اُنہیں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| بِسَحَرٍ ⑥ (34) ۙ | نِّعْمَةً | مِّنْ عِنْدِنَا ؕ | كَذٰلِكَ | نَجْزِيْ |
| سحر کے وقت | مہربانی کرتے ہوئے | اپنی طرف سے | اسی طرح | ہم بدلہ دیتے ہیں (اُسے) |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مَنْ | شَكَرَ (35) | وَ | لَقَدْ | اَنْذَرَهُمْ ⑤ |
| جس نے | شکرادا کیا | اور | بلاشبہ یقیناً | اُس نے ڈرایا اُنہیں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| بَطْشَتَنَا | فَتَمَارَوْا | بِالنُّذُرِ ⑥ (36) | وَ | لَقَدْ |
| ہماری پکڑ (سے) | تو انہوں نے شک کیا | ڈراوے میں | اور | بلاشبہ یقیناً |

| | | | |
|---|---|---|---|
| رَاوَدُوْهُ ⑦ | عَنْ ضَيْفِهٖ ⑧ | فَطَمَسْنَآ | اَعْيُنَهُمْ ⑤ |
| انہوں نے بہکایا اُسے | اُسکے مہمانوں کے بارے میں | تو ہم نے مٹادیں | اُنکی آنکھیں |

ضروری وضاحت

① یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔② مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔③ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔④ تْ مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑤ هُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ انہیں اور اسم کے آخر میں انکا یا اپنا کیا جاتا ہے۔⑥ یہاں بِ کا ترجمہ کے وقت اور میں ضرورتاً کیا گیا ہے۔⑦ اُنہوں نے بہلایا یا پھسلایا اور مطالبہ کیا کہ اُنہیں ہمارے حوالے کردو۔⑧ ضَيْفٌ واحد ہے کبھی یہ جمع کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے۔

| | |
|---|---|
| فَذُوْقُوْا عَذَابِيْ وَنُذُرِ ﴿37﴾ | پس مزا چکھو میرے عذاب اور (میرے) ڈراوے کا۔ ﴿37﴾ |
| وَلَقَدْ صَبَّحَهُمْ بُكْرَةً | اور بلا شبہ یقیناً غارت کر دیا اُنہیں صبح سویرے |
| عَذَابٌ مُّسْتَقِرٌّ ﴿38﴾ | نہ ٹلنے والے عذاب نے۔ ﴿38﴾ |
| فَذُوْقُوْا عَذَابِيْ وَنُذُرِ ﴿39﴾ | پس مزا چکھو میرے عذاب اور (میرے) ڈراوے کا۔ ﴿37﴾ |
| وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ | اور بلا شبہ یقیناً ہم نے آسان بنا دیا ہے قرآن کو |
| لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿40﴾ | نصیحت کے لیے تو کیا کوئی نصیحت حاصل کرنیوالا ہے۔ ﴿40﴾ |
| وَلَقَدْ جَآءَ اٰلَ فِرْعَوْنَ | اور بلا شبہ یقیناً آئے فرعون کی آل کے پاس (بھی) |
| النُّذُرُ ﴿41﴾ | ڈرانے والے۔ ﴿41﴾ |
| كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا كُلِّهَا | انہوں نے جھٹلا دیا ہماری اُن سب نشانیوں کو |
| فَاَخَذْنٰهُمْ | تو ہم نے پکڑا اُنہیں |
| اَخْذَ عَزِيْزٍ مُّقْتَدِرٍ ﴿42﴾ | خوب غالب بہت قدرت رکھنے والے کی پکڑ کی طرح۔ ﴿42﴾ |
| اَكُفَّارُكُمْ خَيْرٌ مِّنْ اُولٰٓئِكُمْ | (اے عرب والو) کیا تمہارے کافران لوگوں سے بہتر ہیں |

ع 2/18/9

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| فَذُوْقُوْا | : ذائقہ، خوش ذائقہ، بدذائقہ۔ | اٰلَ | : آل واولاد، آل رسول۔ |
| عَذَابِيْ | : عذاب۔ | كَذَّبُوْا | : کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔ |
| وَ | : مال ودولت، شان وشوکت، عفوودرگزر۔ | بِاٰيٰتِنَا | : آیت، آیات قرآنی۔ |
| نُذُرِ | : بشارت وانذار، بشیر ونذیر۔ | كُلِّهَا | : کل نمبر، کل کائنات، کل جہان۔ |
| يَسَّرْنَا | : میسر۔ | فَاَخَذْنٰهُمْ | : اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔ |
| الْقُرْاٰنَ | : قرآن حکیم، آیات قرآنی۔ | مُّقْتَدِرٍ | : اقتدار، مقتدر حلقے۔ |
| لِلذِّكْرِ | : ذکر، اذکار۔ | كُفَّارُكُمْ | : کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔ |
| مِنْ | : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔ | خَيْرٌ | : خیر، خیریت، خیر خواہی، صدقہ وخیرات۔ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| فَذُوْقُوْا | عَذَابِىْ | وَ | نُذُرِ ① (37) | وَ | لَقَدْ ② |
| (اور کہا) پس تم سب مزا چکھو | میرے عذاب | اور | (میرے) ڈراوے (کا) | اور | بلاشبہ یقیناً |

| | | | |
|---|---|---|---|
| صَبَّحَهُمْ | بُكْرَةً | عَذَابٌ مُّسْتَقِرٌّ ج (38) | فَذُوْقُوْا |
| غارت کردیا اُنہیں | صبح سویرے | نہ ٹلنے والے عذاب (نے) | پس تم سب مزا چکھو |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| عَذَابِىْ | وَ | نُذُرِ ① (39) | وَ | لَقَدْ | يَسَّرْنَا |
| میرے عذاب | اور | (میرے) ڈراوے (کا) | اور | بلاشبہ یقیناً | ہم نے آسان بنادیا ہے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| الْقُرْاٰنَ ③ | لِلذِّكْرِ | فَهَلْ | مِنْ ④ مُّدَّكِرٍ ⑤ ⑥ ع (40) |
| قرآن (کو) | نصیحت کے لیے | تو کیا | کوئی نصیحت حاصل کرنیوالا (ہے) |

2 ع 18 9

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَقَدْ ② | جَآءَ | اٰلَ فِرْعَوْنَ | النُّذُرُ ج (41) | كَذَّبُوْا |
| اور | بلاشبہ یقیناً | آئے | فرعون کی آل کے پاس | ڈرانے والے | ان سب نے جھٹلا دیا |

| | | |
|---|---|---|
| بِاٰيٰتِنَا كُلِّهَا | فَاَخَذْنٰهُمْ | اَخْذَ عَزِيْزٍ مُّقْتَدِرٍ (42) |
| ہماری ان سب نشانیوں کو | تو ہم نے پکڑا اُنہیں | خوب غالب، بہت قدرت رکھنے والے کی پکڑ (کی طرح) |

| | | | |
|---|---|---|---|
| اَ | كُفَّارُكُمْ | خَيْرٌ | مِّنْ اُولٰٓئِكُمْ ⑦ |
| (اے عرب والو) کیا | تمہارے کافر | بہتر (ہیں) | اُن (لوگوں) سے |

## ضروری وضاحت

①نُذُرِ اصل میں نُذُرِیْ تھا آخر سے یْ تخفیف کے لیے گری ہوئی ہے اسی کا ترجمہ میرا کیا گیا ہے۔② لَ اور قَدْ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔③ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔④ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑤ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔⑥ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑦ جب اُولٰٓئِكَ سے اشارہ کیا جائے اور مخاطب جمع مذکر ہوں تو یہ اُولٰٓئِكَ سے اُولٰٓئِكُمْ ہوجاتا ہے۔

| | |
|---|---|
| اَمْ لَكُمْ بَرَآءَةٌ | یا تمہارے لیے کوئی نجات (لکھی ہوئی) ہے |
| فِی الزُّبُرِ ۚ﴿43﴾ | (پہلی) کتابوں میں۔﴿43﴾ |
| اَمْ يَقُوْلُوْنَ | کیا وہ کہتے ہیں |
| نَحْنُ جَمِيْعٌ مُّنْتَصِرٌ ﴿44﴾ | ہم ایک (مضبوط) بدلہ لینے والی جماعت ہیں۔﴿44﴾ |
| سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ | عنقریب ضرور شکست دی جائے گی (یہ) جماعت |
| وَيُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ ﴿45﴾ | اور وہ پیٹھ پھیر کر بھاگیں گے۔﴿45﴾ |
| بَلِ السَّاعَةُ مَوْعِدُهُمْ | بلکہ قیامت ان کے وعدے کا وقت ہے |
| وَالسَّاعَةُ اَدْهٰى وَاَمَرُّ ﴿46﴾ | اور قیامت بہت بڑی مصیبت اور بہت تلخ ہے۔﴿46﴾ |
| اِنَّ الْمُجْرِمِيْنَ فِيْ ضَلٰلٍ وَّسُعُرٍ ﴿47﴾ | بیشک مجرم لوگ گمراہی اور دیوانگی میں ہیں۔﴿47﴾ |
| يَوْمَ يُسْحَبُوْنَ فِي النَّارِ | جس دن وہ گھسیٹے جائیں گے آگ میں |
| عَلٰى وُجُوْهِهِمْ ؕ | اپنے چہروں کے بل |
| ذُوْقُوْا مَسَّ سَقَرَ ﴿48﴾ | (کہا جائے گا) آگ کے چھونے کا مزہ چکھو۔﴿48﴾ |

وقف لازم

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

بَرَآءَةٌ : اعلان برات، بری الذمہ۔
فِی : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
الزُّبُرِ : زبور۔
يَقُوْلُوْنَ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
جَمِيْعٌ : جمع، جمیع، جامع، مجمع، جماعت، اجتماع۔
مَوْعِدُهُمْ : وعدہ، وعید، وعدہ وفا کرنا۔
وَ : لیل و نہار، رحم و کرم، شان و شوکت۔
الْمُجْرِمِيْنَ : جرم، مجرم، جرائم پیشہ افراد۔
ضَلٰلٍ : ضلالت و گمراہی۔
يَوْمَ : یوم، ایام، یوم آخرت، یوم آزادی۔
النَّارِ : یہ خاکی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔
عَلٰى : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
وُجُوْهِهِمْ : وجاہت، توجہ، متوجہ، علیٰ وجہ البصیرت۔
ذُوْقُوْا : ذائقہ، خوش ذائقہ، بدذائقہ۔
مَسَّ : مس، مساس۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| اَمْ ① | لَكُمْ ② | بَرَآءَةٌ ③ | فِي الزُّبُرِ ج (43) |
| یا | تمہارے لیے | کوئی نجات (لکھی ہوئی ہے) | (پہلی) کتابوں میں |

| | | | |
|---|---|---|---|
| اَمْ ① | يَقُوْلُوْنَ | نَحْنُ جَمِيْعٌ ③ | مُّنْتَصِرٌ ④⑤ (44) |
| کیا | وہ سب کہتے ہیں | ہم ایک (مضبوط) جماعت ہیں | بدلہ لینے والی |

| | | | |
|---|---|---|---|
| سَيُهْزَمُ ⑥ | الْجَمْعُ | وَ | يُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ (45) |
| عنقریب ضرور وہ شکست دی جائے گی | جماعت | اور | وہ سب پیٹھ پھیر کر بھاگیں گے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| بَلِ | السَّاعَةُ | مَوْعِدُهُمْ | وَ | السَّاعَةُ | اَدْهٰى ⑦ |
| بلکہ | قیامت | ان کے وعدے کا وقت (ہے) | اور | قیامت | بہت بڑی مصیبت |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ | اَمَرُّ ⑦ (46) | اِنَّ | الْمُجْرِمِيْنَ | فِيْ ضَلٰلٍ |
| اور | بہت تلخ (ہے) | بے شک | سب مجرم لوگ | گمراہی میں |

وقف لازم

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَّ | سُعُرٍ (47) | يَوْمَ | يُسْحَبُوْنَ ⑥ | فِي النَّارِ |
| اور | دیوانگی (میں ہیں) | (جس) دن | وہ سب گھسیٹے جائیں گے | آگ میں |

| | | |
|---|---|---|
| عَلٰى وُجُوْهِهِمْ ط | ذُوْقُوْا | مَسَّ سَقَرَ (48) |
| اپنے چہروں کے بل | (کہا جائے گا) سب مزہ چکھو | آگ کے چھونے کا |

### ضروری وضاحت

① اَمْ کا ترجمہ کبھی کیا کبھی یا کیا جاتا ہے۔② لَكُمْ میں لَ دراصل لِ تھا پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ استعمال ہوا ہے۔
③ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔④ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا
مفہوم ہے۔⑤ مُنْتَصِرٌ مذکر اسم ہے سیاق و سباق کی وجہ سے اسکا ترجمہ مؤنث میں کیا گیا ہے۔⑥ علامت يُ پر پیش اور آخر
سے پہلے زبر ہو تو ترجمہ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا ہوتا ہے۔⑦ اسم کے شروع میں أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔

| | |
|---|---|
| اِنَّا كُلَّ شَیْءٍ خَلَقْنٰهُ | بے شک ہم نے ہر چیز کو پیدا کیا ہے اسے |
| بِقَدَرٍ ﴿49﴾ | ایک اندازے کے ساتھ۔ ﴿49﴾ |
| وَمَاۤ اَمْرُنَاۤ | اور نہیں ہوتا ہمارا حکم |
| اِلَّا وَاحِدَةٌ كَلَمْحٍۭ بِالْبَصَرِ ﴿50﴾ | مگر ایک بات آنکھ کے جھپکنے کی طرح۔ ﴿50﴾ |
| وَلَقَدْ اَهْلَكْنَاۤ اَشْیَاعَكُمْ | اور بلاشبہ یقیناً ہم ہلاک کر چکے تمہارے ہم مذہبوں کو |
| فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿51﴾ | تو کیا ہے کوئی نصیحت حاصل کرنے والا ہے۔ ﴿51﴾ |
| وَكُلُّ شَیْءٍ فَعَلُوْهُ | اور ہر چیز جسے انہوں نے کیا (وہ) |
| فِی الزُّبُرِ ﴿52﴾ | صحیفوں (اعمال ناموں) میں (درج) ہے۔ ﴿52﴾ |
| وَكُلُّ صَغِیْرٍ وَّ كَبِیْرٍ مُّسْتَطَرٌ ﴿53﴾ | اور ہر چھوٹا اور بڑا (عمل) لکھا گیا ہے۔ ﴿53﴾ |
| اِنَّ الْمُتَّقِیْنَ فِیْ جَنّٰتٍ وَّ نَهَرٍ ﴿54﴾ | بیشک متقین باغات اور نہروں میں ہونگے۔ ﴿54﴾ |
| فِیْ مَقْعَدِ صِدْقٍ | مقام عزت (مجلس حق) میں |
| عِنْدَ مَلِیْكٍ مُّقْتَدِرٍ ﴿55﴾ | نہایت قدرت رکھنے والے بادشاہ کے پاس۔ ﴿55﴾ |

ع 3 15 10

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| خَلَقْنٰهُ | : خلق، تخلیق، خالق، مخلوق، خلقت۔ | صَغِیْرٍ | : صغر سنی، صغیرہ گناہ، اصغر۔ |
| بِقَدَر | : قدرت، قادر، قدیر۔ | مُّسْتَطَرٌ | : سطر، سطور، بین السطور۔ |
| اَمْرُنَاۤ | : امر، آمر، مامور، امور، امر بالمعروف۔ | الْمُتَّقِیْنَ | : تقویٰ، متقی۔ |
| وَاحِدَةٌ | : واحد، احد، توحید، موحّد، وحدانیت۔ | مَقْعَدِ | : قعدہ اولیٰ، مقعد (بیٹھنے کی جگہ)۔ |
| بِالْبَصَرِ | : سمع و بصر، بصارت، مبصر، تبصرہ۔ | صِدْقٍ | : صداقت، صدقِ دل، صادق و امین۔ |
| اَهْلَكْنَاۤ | : ہلاک، ہلاکت، مہلک بیماریاں۔ | عِنْدَ | : عند الطلب، عند اللہ ماجور ہوں، عندیہ۔ |
| فَعَلُوْهُ | : فعل، فاعل، مفعول۔ | مَلِیْكٍ | : ملک فہد، خلافت و ملوکیت۔ |
| الزُّبُرِ | : زبور۔ | مُّقْتَدِرٍ | : اقتدار، مقتدر حلقے۔ |

| ① اِنَّا | كُلَّ شَیْءٍ | خَلَقْنٰهُ ②③ | بِقَدَرٍ ﴿49﴾ ④ |
|---|---|---|---|
| بےشک ہم | ہر چیز (کو) | ہم نے پیدا کیا ہے اُسے | ایک اندازے کے ساتھ |

| وَمَآ | اَمْرُنَآ ⑤ | اِلَّا | وَاحِدَةٌ | كَلَمْحٍ بِالْبَصَرِ ﴿50﴾ |
|---|---|---|---|---|
| اور نہیں (ہوتا) | ہمارا حکم | مگر | ایک (بات) | آنکھ کے جھپکنے کی طرح |

| وَ | لَقَدْ | اَهْلَكْنَآ ② | اَشْيَاعَكُمْ |
|---|---|---|---|
| اور | بلاشبہ یقیناً | ہم نے ہلاک کیا | تمہارے جیسی جماعتوں (کو) |

| فَهَلْ | مِنْ مُّدَّكِرٍ ④⑥⑦ ﴿51﴾ | وَ | كُلُّ شَیْءٍ | فَعَلُوْهُ ⑧ |
|---|---|---|---|---|
| تو کیا (ہے) | کوئی نصیحت حاصل کرنیوالا | اور | ہر چیز | جسے انہوں نے کیا |

| فِی الزُّبُرِ ﴿52﴾ | وَ | كُلُّ صَغِيْرٍ | وَّ | كَبِيْرٍ |
|---|---|---|---|---|
| (وہ) صحیفوں (اعمال ناموں) میں (درج ہے) | اور | ہر چھوٹا | اور | بڑا (عمل) |

| مُّسْتَطَرٌ ⑦ ﴿53﴾ | اِنَّ | الْمُتَّقِيْنَ | فِیْ جَنّٰتٍ | وَّ | نَهَرٍ ﴿54﴾ لا |
|---|---|---|---|---|---|
| لکھا گیا ہوا (ہے) | بے شک | سب متقین | باغات میں | اور | نہروں (میں ہونگے) |

| فِیْ مَقْعَدِ صِدْقٍ | عِنْدَ مَلِيْكٍ | مُّقْتَدِرٍ ⑦ ﴿55﴾ ع |
|---|---|---|
| مقام عزت میں | بادشاہ کے پاس | نہایت قدرت رکھنے والے |

ع 3 15 10

### ضروری وضاحت

① اِنَّا دراصل اِنَّ + نَا تھا تخفیف کیلئے ایک نون گرا ہوا ہے۔ ② نَا سے پہلے اگر جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔ ③ فعل کے آخر میں ہٗ کا ترجمہ اُسے کیا جاتا ہے۔ ④ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔ ⑤ نَا اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ ہمارا یا اپنا ہوتا ہے۔ ⑥ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑦ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنیوالے اور آخر سے پہلے زبر میں کیا گیا ہوا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑧ یہاں علامت ہٗ کا ترجمہ اُسے کی بجائے جسے ضرورتاً کیا گیا ہے۔

| اٰیَاتُھَا 78 | 55 سُوْرَۃُ الرَّحْمٰنِ مَدَنِیَّۃٌ 97 | رُکُوْعَاتُھَا 3 |
| --- | --- | --- |

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

| | |
| --- | --- |
| اَلرَّحْمٰنُ ۙ﴿1﴾ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ؕ﴿2﴾ | بہت رحم کرنے والے نے ۔﴿1﴾ (یہ) قرآن سکھایا۔﴿2﴾ |
| خَلَقَ الْاِنْسَانَ ۙ﴿3﴾ | اس نے پیدا کیا انسان کو۔﴿3﴾ |
| عَلَّمَهُ الْبَيَانَ ﴿4﴾ | اس نے سکھایا اُسے بات کرنا۔﴿4﴾ |
| اَلشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ ۙ﴿5﴾ | سورج اور چاند ایک حساب سے (چل رہے) ہیں۔﴿5﴾ |
| وَّ النَّجْمُ وَالشَّجَرُ يَسْجُدٰنِ ﴿6﴾ | اور بیل بوٹے اور درخت دونوں سجدہ کرتے ہیں۔﴿6﴾ |
| وَ السَّمَآءَ رَفَعَهَا | اور آسمان اس نے بلند کیا اُسے |
| وَ وَضَعَ الْمِيْزَانَ ۙ﴿7﴾ | اور اس نے ترازو رکھی (یعنی قائم کی)۔﴿7﴾ |
| اَلَّا تَطْغَوْا فِي الْمِيْزَانِ ﴿8﴾ | کہ تم حد سے تجاوز مت کرو ترازو (سے تولنے) میں۔﴿8﴾ |
| وَ اَقِيْمُوا الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ | اور سیدھا رکھو تول کو انصاف کے ساتھ |
| وَلَا تُخْسِرُوا الْمِيْزَانَ ﴿9﴾ | اور مت کمی کرو ترازو (تول) میں۔﴿9﴾ |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
| --- | --- | --- | --- |
| اَلرَّحْمٰنُ | رحمت، رحم، رحیم، رحمٰن، مرحوم۔ | يَسْجُدٰنِ | سجدہ، ساجد، مسجود، مسجد۔ |
| عَلَّمَ | علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔ | السَّمَآءَ | ارض و سما، کتبِ سماویہ، سماوی آفات۔ |
| خَلَقَ | خلق، تخلیق، خالق، مخلوق، خلقت۔ | رَفَعَهَا | رفعت، سطحِ مرتفع، مرفوع، اعلیٰ و ارفع۔ |
| الْاِنْسَانَ | جِنّ و اِنس، انسان، انسانیت۔ | وَضَعَ | وضع قطع، وضع کرنا، موضوع۔ |
| الْبَيَانَ | بیان، شعلہ بیانی۔ | الْمِيْزَانَ | وزن، میزان، وزنی۔ |
| اَلشَّمْسُ | شمس و قمر، شمسی توانائی۔ | تَطْغَوْا | طاغوت، طغیانی، طاغوتی نظام۔ |
| بِحُسْبَانٍ | حساب، محاسب، احتساب۔ | اَقِيْمُوا | اقامت، مقیم، اقامت گاہ، قائم مقام۔ |
| الشَّجَرُ | شجرِ ممنوعہ، اشجار، شجرکاری مہم۔ | تُخْسِرُوا | خسارہ، خائب و خاسر۔ |

رُكُوْعَاتُهَا 3 — 55 سُوْرَةُ الرَّحْمٰنِ مَدَنِيَّةٌ 97 — اٰيَاتُهَا 78

# بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

| اَلرَّحْمٰنُ ۙ (1) | عَلَّمَ ① | الْقُرْاٰنَ ② ط (2) | خَلَقَ | الْاِنْسَانَ ② لا (3) |
|---|---|---|---|---|
| بہت رحم کرنے والا | اس نے سکھایا | (یہ) قرآن | اس نے پیدا کیا | انسان (کو) |

| عَلَّمَهُ ① | الْبَيَانَ ② (4) | اَلشَّمْسُ | وَالْقَمَرُ | بِحُسْبَانٍ ③ ص (5) |
|---|---|---|---|---|
| اس نے سکھایا اُسے | بات کرنا | سورج | اور چاند | ایک حساب سے (چل رہے ہیں) |

| وَّالنَّجْمُ | وَالشَّجَرُ | يَسْجُدٰنِ ④ (6) | وَالسَّمَآءَ |
|---|---|---|---|
| اور بیل بوٹے | اور درخت | وہ دونوں سجدہ کرتے ہیں | اور آسمان |

| رَفَعَهَا ⑤ | وَ | وَضَعَ | الْمِيْزَانَ ② لا (7) | اَلَّا ⑥ |
|---|---|---|---|---|
| اس نے بلند کیا اُسے | اور | اس نے رکھی (قائم کی) | ترازو | کہ مت |

| تَطْغَوْا | فِي الْمِيْزَانِ (8) | وَ | اَقِيْمُوا ⑦ | الْوَزْنَ ② |
|---|---|---|---|---|
| تم سب حد سے تجاوز کرو | ترازو (تولنے) میں | اور | تم سب سیدھا رکھو | وزن (کو) |

| بِالْقِسْطِ | وَ | لَا تُخْسِرُوا ⑧ | الْمِيْزَانَ ② (9) |
|---|---|---|---|
| انصاف کے ساتھ | اور | مت تم سب کمی کرو | ترازو (یعنی تول میں) |

## ضروری وضاحت

① فعل کے درمیان میں شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔ ② فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔ ③ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ④ علامت انِ میں دو ہونے کا مفہوم ہے۔ ⑤ ھَا واحد مؤنث کی علامت ہے، فعل کے آخر میں اس کا ترجمہ اسے کیا جاتا ہے۔ ⑥ اَلَّا دراصل اَنْ + لَا کا مجموعہ ہے۔ ⑦ فعل کے شروع میں اَ اور آخر میں وْا ہو تو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ⑧ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْا ہو تو اس فعل میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔

| | |
|---|---|
| وَالْاَرْضَ وَضَعَهَا لِلْاَنَامِ ﴿10﴾ | اور زمین کو اس نے رکھا (بچھادیا) اُسے مخلوق کیلئے۔ ﴿10﴾ |
| فِيْهَا فَاكِهَةٌ ۙ وَّالنَّخْلُ | اس میں میوے ہیں اور کھجور کے درخت |
| ذَاتُ الْاَكْمَامِ ﴿11﴾ | (جو خوشوں پر) غلافوں والے ہیں۔ ﴿11﴾ |
| وَالْحَبُّ ذُو الْعَصْفِ | اور دانے (اناج اور غلے) ہیں بُھس والے |
| وَالرَّيْحَانُ ﴿12﴾ | اور خوشبودار پھول۔ ﴿12﴾ |
| فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا | تو اپنے رب کی کون (کون) سی نعمتوں کو |
| تُكَذِّبٰنِ ﴿13﴾ خَلَقَ الْاِنْسَانَ | تم دونوں جھٹلاؤ گے۔ ﴿13﴾ (اللہ نے) انسان کو پیدا کیا |
| مِنْ صَلْصَالٍ كَالْفَخَّارِ ﴿14﴾ | ٹھیکری کی طرح بجنے والی مٹی سے۔ ﴿14﴾ |
| وَخَلَقَ الْجَآنَّ مِنْ مَّارِجٍ مِّنْ نَّارٍ ﴿15﴾ | اور اس نے پیدا کیا جنوں کو آگ کے شعلے سے۔ ﴿15﴾ |
| فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا | تو اپنے رب کی کون (کون) سی نعمتوں کو |
| تُكَذِّبٰنِ ﴿16﴾ رَبُّ الْمَشْرِقَيْنِ | تم دونوں جھٹلاؤ گے۔ ﴿16﴾ (وہی) دونوں مشرقوں کا رب |
| وَرَبُّ الْمَغْرِبَيْنِ ﴿17﴾ | اور دونوں مغربوں کا رب ہے۔ ﴿17﴾ |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الْاَرْضَ : ارض وسما، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔
وَضَعَهَا : وضع قطع، وضع کرنا، موضوع۔
فِيْهَا : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
النَّخْلُ : نخل، نخلستان۔
ذَاتُ : ذات، ذاتی۔
الْحَبُّ : حبہ حبہ پائی پائی، حب کبد نوشادری۔
ذُو : ذوالجلال، ذومعنی، ذواضعاف اقل۔
رَبِّكُمَا : رب، ربوبیت، رب العلمین۔
تُكَذِّبٰنِ : کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔
خَلَقَ : خالق، مخلوق، تخلیق، خلقِ خدا۔
الْاِنْسَانَ : انسان، انسانیت۔
مِنْ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
كَالْفَخَّارِ : کالعدم، کماحقہ۔
الْجَآنَّ : جن وانس، جنات۔
نَّارٍ : یہ خاکی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔
الْمَشْرِقَيْنِ : مشرق ومغرب، شرق وغرب۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَالْاَرْضَ | وَضَعَهَا | لِلْاَنَامِ ﴿10﴾ لا | فِيْهَا | فَاكِهَةٌ صلے |
| اور زمین (کو) | اس نے رکھا (یعنی بچھا دیا) اُسے | مخلوق کے لیے | اس میں | میوے (ہیں) |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَّ | النَّخْلُ | ذَاتُ الْاَكْمَامِ ﴿11﴾ [1] صلے | وَ | الْحَبُّ |
| اور | کھجور کے درخت | (خوشوں پر) غلافوں والے | اور | دانے (اناج اور غلے ہیں) |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ذُو الْعَصْفِ [1] | وَالرَّيْحَانُ ﴿12﴾ ج | فَبِاَيِّ اٰلَآءِ | رَبِّكُمَا [2] |
| بُھس والے | اور خوشبودار پھول | تو کون (کون سی) نعمتوں کو | اپنے رب کی |

| | | | |
|---|---|---|---|
| تُكَذِّبٰنِ [2] ﴿13﴾ | خَلَقَ | الْاِنْسَانَ [3] | مِنْ صَلْصَالٍ [4] |
| تم دونوں جھٹلاؤ گے | (اللہ نے) پیدا کیا | انسان (کو) | بجنے والی مٹی سے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| كَالْفَخَّارِ [5] ﴿14﴾ لا | وَ | خَلَقَ | الْجَآنَّ [3][6] | مِنْ مَّارِجٍ |
| ٹھیکری کی طرح | اور | اس نے پیدا کیا | جنوں (کو) | شعلے سے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| مِّنْ نَّارٍ [7] ﴿15﴾ ج | فَبِاَيِّ اٰلَآءِ | رَبِّكُمَا [2] | تُكَذِّبٰنِ [2] ﴿16﴾ |
| آگ کے | تو کون (کون سی) نعمتوں کو | اپنے رب (کی) | تم دونوں جھٹلاؤ گے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| رَبُّ | الْمَشْرِقَيْنِ [2][8] | وَ | رَبُّ | الْمَغْرِبَيْنِ [2][8] ﴿17﴾ ج |
| رب | دونوں مشرقوں کا | اور | رب | دونوں مغربوں (کا) |

## ضروری وضاحت

① ذَاتُ واحد مؤنث کی اور ذُوْ واحد مذکر کی علامت ہے، دونوں کا ترجمہ والا یا والی کیا جاتا ہے۔ ② علامت كُمَا، يْنِ، انِ میں تعداد میں دو ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ③ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو تو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔ ④ اس سے مُراد خشک مٹی ہے جس میں آواز ہو۔ ⑤ اَلْفَخَّارِ سے مُراد آگ میں پکی ہوئی مٹی ہے۔ ⑥ اس سے مُراد پہلا جن ہے جو تمام جنوں کا باپ ہے۔ ⑦ یہاں مِنْ کا ترجمہ کے ضرورتاً کیا گیا ہے۔ ⑧ یہاں موسمِ گرما و سرما کی مشرق و مغرب یا سورج اور چاند کی مشرق و مغرب مُراد ہیں۔

| | |
|---|---|
| فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا | تو اپنے رب کی کون (کون) سی نعمتوں کو |
| تُكَذِّبٰنِ (18) مَرَجَ | تم دونوں جھٹلاؤ گے (18) اس نے جاری کر دیے |
| الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيٰنِ (19) | دو سمندر دونوں آپس میں ملتے ہیں۔ (19) |
| بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ | ان دونوں کے درمیان ایک پردہ ہے |
| لَّا يَبْغِيٰنِ (20) | دونوں (اس سے) تجاوز نہیں کرتے۔ (20) |
| فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا | تو اپنے رب کی کون (کون) سی نعمتوں کو |
| تُكَذِّبٰنِ (21) يَخْرُجُ مِنْهُمَا | تم دونوں جھٹلاؤ گے۔ (21) نکلتے ہیں اُن دونوں سے |
| اللُّؤْلُؤُ وَ الْمَرْجَانُ (22) | موتی اور مونگے۔ (22) |
| فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا | تو اپنے رب کی کون (کون) سی نعمتوں کو |
| تُكَذِّبٰنِ (23) وَ لَهُ الْجَوَارِ | تم دونوں جھٹلاؤ گے (23) اور اسی کے ہیں جہاز |
| الْمُنْشَئٰتُ فِي الْبَحْرِ كَالْاَعْلَامِ (24) | بادبان اُٹھائے ہوئے سمندر میں پہاڑوں کی طرح (24) |
| فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا | تو اپنے رب کی کون (کون) سی نعمتوں کو |

النصف

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | |
|---|---|
| رَبِّكُمَا : رب، ربوبیت، رب العالمین۔ | يَبْغِيٰنِ : بغاوت، باغی۔ |
| تُكَذِّبٰنِ : کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔ | يَخْرُجُ : خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔ |
| الْبَحْرَيْنِ : بحر و بر، بحرین، بری بحری اور فضائی۔ | مِنْهُمَا : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔ |
| يَلْتَقِيٰنِ : ملاقات۔ | وَ : لیل و نہار، رحم و کرم، شان و شوکت۔ |
| بَيْنَهُمَا : بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔ | فِي : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔ |
| بَرْزَخٌ : عالم برزخ، برزخی زندگی۔ | كَالْاَعْلَامِ : کالعدم، کماحقہ۔ |
| لَّا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔ | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| فَبِاَيِّ اٰلَآءِ ① | رَبِّكُمَا ② | تُكَذِّبٰنِ ۝18 ② | مَرَجَ |
| توکون (کون سی) نعمتوں کو | اپنے رب (کی) | تم دونوں جھٹلاؤ گے | اس نے جاری کردیے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| الْبَحْرَيْنِ ②③ | يَلْتَقِيٰنِ ۝19 ② لا | بَيْنَهُمَا ② | بَرْزَخٌ ④ |
| دوسمندر | وہ دونوں آپس میں ملتے ہیں | ان دونوں کے درمیان | ایک پردہ (ہے) |

| | | |
|---|---|---|
| لَّا يَبْغِيٰنِ ۝20 ② ج | فَبِاَيِّ اٰلَآءِ ① | رَبِّكُمَا ② |
| نہیں وہ دونوں تجاوز کرتے (اس سے) | توکون (کون سی) نعمتوں کو | اپنے رب (کی) |

| | | | |
|---|---|---|---|
| تُكَذِّبٰنِ ۝21 ② | يَخْرُجُ ⑤⑥ | مِنْهُمَا ② | اللُّؤْلُؤُ |
| تم دونوں جھٹلاؤ گے | نکلتے ہیں | (اُن) دونوں سے | موتی |

| | | | |
|---|---|---|---|
| وَ | الْمَرْجَانُ ۝22 ج | فَبِاَيِّ اٰلَآءِ ① | رَبِّكُمَا ② |
| اور | مونگے | توکون (کون سی) نعمتوں کو | اپنے رب (کی) |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| تُكَذِّبٰنِ ۝23 ② | وَ | لَهُ ⑦ | الْجَوَارِ | الْمُنْشَئٰتُ |
| تم دونوں جھٹلاؤ گے | اور | اسی کے (ہیں) | جہاز | بادبان اٹھائے ہوئے |

النصف

| | | | |
|---|---|---|---|
| فِي الْبَحْرِ | كَالْاَعْلَامِ ۝24 ج | فَبِاَيِّ اٰلَآءِ ① | رَبِّكُمَا ② |
| سمندر میں | پہاڑوں کی طرح | توکون (کون سی) نعمتوں کو | اپنے رب (کی) |

### ضروری وضاحت

① لفظ کے شروع میں فَ کا ترجمہ پس، تو، پھر اور سو ہوتا ہے۔② علامت کُمَا، هُمَا، يْنِ، انِ میں تعداد میں دو ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔③ اس سے مُراد ایک کھارے پانی اور ایک میٹھے پانی کا سمندر ہے جن کی لہریں آپس میں ملتی ہیں مگر اس کے باوجود آپس میں مکس نہیں ہوتیں۔④ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤ یہ فعل واحد ہے ضرورتاً ترجمہ جمع میں کیا گیا ہے۔
⑥ علامت يَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔⑦ لَهٗ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ ہو جاتا ہے۔

ع 1/25/11

| | |
|---|---|
| تُكَذِّبٰنِ ﴿25﴾ ع | تم دونوں جھٹلاؤ گے۔ ﴿25﴾ ع |
| كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ ﴿26﴾ صلے | ہر ایک جو اس (زمین) پر ہے فنا ہونیوالا ہے۔ ﴿26﴾ |
| وَّ يَبْقٰى وَجْهُ رَبِّكَ | اور باقی رہے گا آپ کے رب کا چہرہ |
| ذُو الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ﴿27﴾ ج | (جو) صاحب جلال اور عزت والا ہے۔ ﴿27﴾ |
| فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا | تو اپنے رب کی کون (کون) سی نعمتوں کو |
| تُكَذِّبٰنِ ﴿28﴾ يَسْئَلُهٗ | تم دونوں جھٹلاؤ گے ﴿28﴾ سوال کرتا ہے اسی سے |
| مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ | جو آسمانوں اور زمین میں ہے |
| كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِيْ شَاْنٍ ﴿29﴾ ج | ہر دن وہ ایک (نئی) شان میں ہے۔ ﴿29﴾ |
| فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا | تو اپنے رب کی کون (کون) سی نعمتوں کو |
| تُكَذِّبٰنِ ﴿30﴾ سَنَفْرُغُ | تم دونوں جھٹلاؤ گے۔ ﴿30﴾ عنقریب ہم فارغ ہونگے |
| لَكُمْ اَيُّهَ الثَّقَلٰنِ ﴿31﴾ ج | تمہارے لیے اے دو بڑے گروہو (جن وانس) ﴿31﴾ |
| فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا | تو اپنے رب کی کون (کون) سی نعمتوں کو |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | |
|---|---|
| كُلُّ : کل نمبر، کل کائنات، کل جہان۔ | يَسْئَلُهٗ : سوال، سائل، مسئول، سوالات۔ |
| عَلَيْهَا : علی الاعلان، علی العموم، علیحدہ۔ | السَّمٰوٰتِ : ارض وسما، کتب سماویہ، آفات سماویہ۔ |
| فَانٍ : فنا، فانی۔ | الْاَرْضِ : ارض وسما، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔ |
| يَبْقٰى : باقی، باقیات، بقایا۔ | يَوْمٍ : یوم، ایام، یوم آخرت، یوم آزادی۔ |
| وَجْهُ : وجاہت، توجہ، متوجہ، علیٰ وجہ البصیرت۔ | فِيْ : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔ |
| ذُو : ذوالجلال، ذومعنی، ذواضعاف اقل۔ | شَاْنٍ : کیا شان ہے، نئی آن نئی شان۔ |
| الْجَلٰلِ : عظمت وجلال، رب ذوالجلال۔ | سَنَفْرُغُ : فارغ، فراغت۔ |
| الْاِكْرَامِ : کرم، کریم، اکرام، تکریم۔ | |

ع 25 11

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| تُكَذِّبٰنِ ﴿25﴾ ع | كُلُّ | مَنْ ① | عَلَيْهَا | فَانٍ ② ﴿26﴾ ج |
| تم دونوں جھٹلاؤ گے | ہر ایک | جو | اس (زمین) پر (ہے) | فنا ہونے والا (ہے) |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَّ | يَبْقٰى | وَجْهُ رَبِّكَ | ذُو الْجَلٰلِ ③ | وَ الْاِكْرَامِ ﴿27﴾ ج |
| اور | وہ باقی رہے گا | آپ کے رب کا چہرہ | (جو) صاحب جلال | اور عزت والا (ہے) |

| | | |
|---|---|---|
| فَبِاَيِّ اٰلَآءِ | رَبِّكُمَا | تُكَذِّبٰنِ ﴿28﴾ |
| تو کون (کون سی) نعمتوں کو | اپنے رب (کی) | تم دونوں جھٹلاؤ گے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| يَسْئَلُهٗ | مَنْ ① | فِي السَّمٰوٰتِ ④ | وَ | الْاَرْضِ ط |
| وہ سوال کرتا اسی سے | جو | آسمانوں میں (ہے) | اور | زمین (میں ہے) |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| كُلَّ | يَوْمٍ | هُوَ ⑤ | فِيْ شَاْنٍ ⑥ ﴿29﴾ ج | فَبِاَيِّ اٰلَآءِ |
| ہر | دن | وہ | ایک (نئی) شان میں (ہے) | تو کون (کون سی) نعمتوں کو |

| | | | |
|---|---|---|---|
| رَبِّكُمَا | تُكَذِّبٰنِ ﴿30﴾ | سَنَفْرُغُ | لَكُمْ ⑦ |
| اپنے رب (کی) | تم دونوں جھٹلاؤ گے | عنقریب ضرور ہم فارغ ہونگے | تمہارے لیے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| اَيُّهَ | الثَّقَلٰنِ ﴿31﴾ ج | فَبِاَيِّ اٰلَآءِ | رَبِّكُمَا |
| اے | دو بڑے گروہو (جن وانس) | تو کون (کون سی) نعمتوں کو | اپنے رب (کی) |

**ضروری وضاحت**

① مَنْ کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کون، کس کیا جاتا ہے۔ ② یہ دراصل فَانِيٌ تھا گرامر کے اصول کے مطابق ی گرا دی گئی ہے۔ ③ ذُوْ واحد مذکر کی علامت ہے، ترجمہ والا کیا جاتا ہے۔ ④ ات جمع مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ⑤ هُوَ واحد مذکر کی اور هِيَ واحد مؤنث کی علامت ہوتی ہے دونوں کا ترجمہ وہ کیا جاتا ہے۔ ⑥ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے، اس لیے ترجمہ ایک ہوا ہے۔ ⑦ لَكُمْ میں لَ دراصل لِ تھا پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ استعمال ہوا ہے۔

| | |
|---|---|
| تُكَذِّبٰنِ ﴿32﴾ يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ | تم دونوں جھٹلاؤ گے۔﴿32﴾ اے جن وانس کی جماعت |
| اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا | اگر تم طاقت رکھتے ہو کہ تم نکل جاؤ |
| مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ | آسمانوں اور زمین کے کناروں سے |
| فَانْفُذُوْا ؕ لَا تَنْفُذُوْنَ | تو تم نکل جاؤ، تم نہیں نکل سکو گے |
| اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ﴿33﴾ | مگر غلبے (اور طاقت) سے۔﴿33﴾ |
| فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا | تو اپنے رب کی کون (کون) سی نعمتوں کو |
| تُکَذِّبٰنِ ﴿34﴾ | تم دونوں جھٹلاؤ گے۔﴿34﴾ |
| یُرْسَلُ عَلَیْکُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ ۙ | چھوڑا جائے گا تم دونوں پر آگ کا شعلہ |
| وَّ نُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرٰنِ ﴿35﴾ | اور دھواں (بھی) تو تم مقابلہ نہ کرسکو گے۔﴿35﴾ |
| فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا | تو اپنے رب کی کون (کون) سی نعمتوں کو |
| تُکَذِّبٰنِ ﴿36﴾ فَاِذَا انْشَقَّتِ السَّمَآءُ | تم دونوں جھٹلاؤ گے ﴿36﴾ پھر جب آسمان پھٹ جائے گا |
| فَکَانَتْ وَرْدَةً کَالدِّھَانِ ﴿37﴾ | تو وہ گلابی ہوجائے گا سرخ چمڑے کی طرح۔﴿37﴾ |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | |
|---|---|
| تُکَذِّبٰنِ : کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔ | اِلَّا : اِلا ماشاءاللہ، اِلاقلیل، اِلا یہ کہ۔ |
| یٰمَعْشَرَ : معاشرہ، معاشرت، معاشرتی معاملات۔ | بِسُلْطٰنٍ : سلطان، سلطانی گواہ، سلطنت۔ |
| الْجِنِّ : جن، جنات، جن وانس۔ | رَبِّکُمَا : رب، ربوبیت، رب العالمین۔ |
| الْاِنْسِ : جنّ واِنس، انسان، انسانیت۔ | یُرْسَلُ : رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔ |
| اسْتَطَعْتُمْ : استطاعت، حسب استطاعت۔ | عَلَیْکُمَا : علی الاعلان، علی العموم، علیحدہ۔ |
| مِنْ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔ | نَّارٍ : یہ خا کی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔ |
| السَّمٰوٰتِ : ارض وسما، کتب سماویہ، آفات سماویہ۔ | انْشَقَّتِ : شق الارض، واقعہ شق صدر، شق قمر۔ |
| لَا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔ | |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| تُكَذِّبٰنِ (32) | يٰمَعْشَرَ | الْجِنِّ وَالْاِنْسِ | اِنِ ① | اسْتَطَعْتُمْ |
| تم دونوں جھٹلاؤ گے | اے جماعت | جن اور انس (کی) | اگر | تم طاقت رکھتے ہو |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَنْ ① | تَنْفُذُوْا | مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ ② | وَالْاَرْضِ | فَانْفُذُوْا ③ ط |
| کہ | تم سب نکل جاؤ | آسمانوں کے کناروں سے | اور زمین (کے) | تو تم سب نکل جاؤ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| لَا تَنْفُذُوْنَ ④ | اِلَّا | بِسُلْطٰنٍ (33) ج | فَبِاَيِّ اٰلَآءِ ③ |
| نہیں تم سب نکل سکو گے | مگر | غلبے (طاقت) سے | تو کون (کون سی) نعمتوں کو |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| رَبِّكُمَا | تُكَذِّبٰنِ (34) | يُرْسَلُ ⑤ | عَلَيْكُمَا | شُوَاظٌ |
| اپنے رب (کی) | تم دونوں جھٹلاؤ گے | وہ چھوڑا جائے گا | تم دونوں پر | شعلہ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مِّنْ نَّارٍ ۙ | وَّ | نُحَاسٌ | فَلَا تَنْتَصِرٰنِ (35) ③ ج | فَبِاَيِّ اٰلَآءِ ③ |
| آگ سے | اور | دھواں (بھی) | تو تم دونوں مقابلہ نہ کرسکو گے | تو کون (کون سی) نعمتوں کو |

| | | | |
|---|---|---|---|
| رَبِّكُمَا | تُكَذِّبٰنِ (36) | فَاِذَا ③ | انْشَقَّتِ ⑥⑦ |
| اپنے رب (کی) | تم دونوں جھٹلاؤ گے | پھر جب | پھٹ جائے گا |

| | | | |
|---|---|---|---|
| السَّمَآءُ | فَكَانَتْ ③⑥⑦ | وَرْدَةً ② | كَالدِّهَانِ (37) ج |
| آسمان | تو وہ ہو جائے گا | گلابی | سرخ چمڑے کی طرح |

## ضروری وضاحت

① اِنْ کا ترجمہ اگر ہوتا ہے اور اَنْ کا ترجمہ کہ ہوتا ہے۔ ② ات جمع مؤنث کی علامت اور ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے۔ ③ لفظ کے شروع میں فَ کا ترجمہ پس، تو، پھر کبھی سو ہوتا ہے۔ ④ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔ ⑤ یُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس فعل میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑥ تْ فعل کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے اسے زیر دیتے ہیں۔ ⑦ یہ گزرے ہوئے زمانے کا فعل ہے ضرورتاً ترجمہ مستقبل میں کیا گیا ہے۔

| | |
|---|---|
| فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا | تو اپنے رب کی کون (کون) سی نعمتوں کو |
| تُكَذِّبٰنِ ﴿38﴾ فَيَوْمَئِذٍ | تم دونوں جھٹلاؤ گے۔ ﴿38﴾ پھر اس دن |
| لَّا يُسْئَلُ عَنْ ذَنْۢبِهٖٓ | نہیں پوچھا جائے گا اسکے گناہ کے بارے میں |
| اِنْسٌ وَّلَا جَآنٌّ ﴿39﴾ | (نہ) کسی انسان سے اور نہ کسی جن سے۔ ﴿39﴾ |
| فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا | تو اپنے رب کی کون (کون) سی نعمتوں کو |
| تُكَذِّبٰنِ ﴿40﴾ يُعْرَفُ الْمُجْرِمُوْنَ | تم دونوں جھٹلاؤ گے۔ ﴿40﴾ مجرم پہچان لیے جائینگے |
| بِسِيْمٰهُمْ فَيُؤْخَذُ | اپنے (چہرے کی) علامت سے پھر (انہیں) پکڑا جائے گا |
| بِالنَّوَاصِيْ وَالْاَقْدَامِ ﴿41﴾ | پیشانیوں (کے بالوں) اور قدموں سے۔ ﴿41﴾ |
| فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا | تو اپنے رب کی کون (کون) سی نعمتوں کو |
| تُكَذِّبٰنِ ﴿42﴾ هٰذِهٖ جَهَنَّمُ | تم دونوں جھٹلاؤ گے۔ ﴿42﴾ (کہا جائے گا) یہی وہ جہنم ہے |
| الَّتِيْ يُكَذِّبُ بِهَا الْمُجْرِمُوْنَ ﴿43﴾ | جس کو مجرم لوگ جھٹلایا کرتے تھے۔ ﴿43﴾ |
| يَطُوْفُوْنَ بَيْنَهَا | وہ چکر لگائیں گے اس (جہنم) کے درمیان |

وقف لازم

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَيَوْمَئِذٍ : یوم، ایام، یوم آخرت، یوم آزادی۔
لَّا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
يُسْئَلُ : سوال، سائل، مسئول، سوالات۔
اِنْسٌ : جنّ وانس، انسان، انسانیت۔
وَّ : لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔
جَآنٌّ : جن، جنات، جن وانس۔
يُعْرَفُ : عرف، معروف، تعارف۔
الْمُجْرِمُوْنَ : جرم، جرائم، مجرم۔
فَيُؤْخَذُ : اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔
الْاَقْدَامِ : مقدم، اقدام، قدم۔
هٰذِهٖ : حامل رقعہ ہٰذا، الہٰذا، ہٰذا من فضل ربی۔
جَهَنَّمُ : جہنم، جہنمی۔
يُكَذِّبُ : کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔
يَطُوْفُوْنَ : طواف، طواف بیت اللہ، مطاف۔
بَيْنَهَا : بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| فَبِاَيِّ اٰلَآءِ | رَبِّكُمَا | تُكَذِّبٰنِ (38) | فَيَوْمَئِذٍ |
| توکون (کون سی) نعمتوں کو | اپنے رب (کی) | تم دونوں جھٹلاؤ گے | پھر اس دن |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| لَّا يُسْئَلُ ① | عَنْ ذَنْۢبِهٖٓ ② | اِنْسٌ ③ | وَّلَا | جَآنٌّ ③ ج (39) |
| نہیں پوچھا جائے گا | اسکے گناہ کے بارے میں | (نہ) کسی انسان (سے) | اور نہ | کسی جن (سے) |

| | | | |
|---|---|---|---|
| فَبِاَيِّ اٰلَآءِ | رَبِّكُمَا | تُكَذِّبٰنِ (40) | يُعْرَفُ ①④ |
| توکون (کون سی) نعمتوں کو | اپنے رب (کی) | تم دونوں جھٹلاؤ گے | پہچان لیے جائینگے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| الْمُجْرِمُوْنَ | بِسِيْمٰهُمْ ⑤⑥ | فَيُؤْخَذُ ① | بِالنَّوَاصِيْ ⑤ |
| سب مجرم | اپنے (چہرے کی) علامت سے | پھر پکڑا جائے گا (انہیں) | پیشانیوں (کے بالوں) سے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| وَ | الْاَقْدَامِ (41) ج | فَبِاَيِّ اٰلَآءِ | رَبِّكُمَا |
| اور | قدموں (سے) | توکون (کون سی) نعمتوں کو | اپنے رب (کی) |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| تُكَذِّبٰنِ (42) | هٰذِهٖ ⑦ | جَهَنَّمُ | الَّتِيْ ⑦ | يُكَذِّبُ |
| تم دونوں جھٹلاؤ گے | (کہا جائے گا) یہی | جہنم (ہے) | جس (کو) | وہ جھٹلایا کرتے تھے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| بِهَا ⑤ | الْمُجْرِمُوْنَ (43) م | يَطُوْفُوْنَ | بَيْنَهَا |
| اس کو | مجرم لوگ | وہ سب چکر لگائیں گے | اس (جہنم) کے درمیان |

وقف لازم

## ضروری وضاحت

① اگر یُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس فعل میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے، یہاں علامت یُ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ② اسم کے آخر میں ہٗ یا ہٖ کا ترجمہ اسکا یا اپنا کیا جاتا ہے۔ ③ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ④ یہ فعل واحد ہے ضرورتاً ترجمہ جمع میں کیا گیا ہے۔ ⑤ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ کیا جاتا ہے۔ ⑥ اسم کے آخر میں هُمْ کا ترجمہ ان کا یا اپنا کیا جاتا ہے۔ ⑦ هٰذَا واحد مذکر اور هٰذِهٖ اور الَّتِيْ واحد مونث کی علامتیں ہیں

ع 2/20/12

| | |
|---|---|
| وَ بَيْنَ حَمِيْمٍ اٰنٍ ﴿44﴾ | اور کھولتے ہوئے سخت گرم پانی کے درمیان ۔ ﴿44﴾ |
| فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا | تو اپنے رب کی کون (کون) سی نعمتوں کو |
| تُكَذِّبٰنِ ﴿45﴾ وَ لِمَنْ خَافَ | تم دونوں جھٹلاؤ گے ۔ ﴿45﴾ اور (اس) کے لیے جو ڈر گیا |
| مَقَامَ رَبِّهٖ جَنَّتٰنِ ﴿46﴾ | اپنے رب کے سامنے کھڑے ہونے سے دو باغ ہیں ﴿46﴾ |
| فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا | تو اپنے رب کی کون (کون) سی نعمتوں کو |
| تُكَذِّبٰنِ ﴿47﴾ ذَوَاتَآ اَفْنَانٍ ﴿48﴾ | تم دونوں جھٹلاؤ گے ۔ ﴿47﴾ دونوں شاخوں والے ہیں ﴿48﴾ |
| فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا | تو اپنے رب کی کون (کون) سی نعمتوں کو |
| تُكَذِّبٰنِ ﴿49﴾ | تم دونوں جھٹلاؤ گے ۔ ﴿49﴾ |
| فِيْهِمَا عَيْنٰنِ تَجْرِيٰنِ ﴿50﴾ | ان دونوں میں دو چشمے بہہ رہے ہوں گے ۔ ﴿50﴾ |
| فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا | تو اپنے رب کی کون (کون) سی نعمتوں کو |
| تُكَذِّبٰنِ ﴿51﴾ | تم دونوں جھٹلاؤ گے ۔ ﴿51﴾ |
| فِيْهِمَا مِنْ كُلِّ فَاكِهَةٍ زَوْجٰنِ ﴿52﴾ | ان دونوں میں ہر پھل کی دو (دو) قسمیں ہونگی ۔ ﴿52﴾ |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَ : لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت ۔
بَيْنَ : بین بین، بین السطور، بین الاقوامی ۔
رَبِّكُمَا : رب، ربوبیت، رب العالمین ۔
تُكَذِّبٰنِ : کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب ۔
خَافَ : خوف، خائف، خوف وہراس ۔
مَقَامَ : قائم مقام، اقامت، مقیم، اقامت گاہ ۔
جَنَّتٰنِ : جنت الفردوس، جنات ۔
فِيْهِمَا : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت ۔
تَجْرِيٰنِ : جاری، اجرا ۔
مِنْ : منجانب، من وعن، من حیث القوم ۔
كُلِّ : کل نمبر، کل کائنات، کل جہان ۔

ع 2 20 12

| | | | |
|---|---|---|---|
| وَ | بَيْنَ حَمِيْمٍ | اٰنٍ ① ج ﴿44﴾ | فَبِاَيِّ اٰلَآءِ |
| اور | سخت گرم پانی کے درمیان | کھولتے ہوئے | تو کون (کون سی) نعمتوں کو |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| رَبِّكُمَا ② | تُكَذِّبٰنِ ② ع ﴿45﴾ | وَ | لِمَنْ ③ | خَافَ |
| اپنے رب (کی) | تم دونوں جھٹلاؤ گے | اور | (اس) کے لیے جو | ڈر گیا |

| | | | |
|---|---|---|---|
| مَقَامَ رَبِّهٖ ④ | جَنَّتٰنِ ② ج ﴿46﴾ | فَبِاَيِّ اٰلَآءِ | رَبِّكُمَا ② |
| اپنے رب کے سامنے کھڑے ہونے سے | دو باغ (ہیں) | تو کون (کون سی) نعمتوں کو | اپنے رب (کی) |

| | | |
|---|---|---|
| تُكَذِّبٰنِ ② لا ﴿47﴾ | ذَوَاتَآ اَفْنَانٍ ⑤ ج ﴿48﴾ | فَبِاَيِّ اٰلَآءِ |
| تم دونوں جھٹلاؤ گے | دونوں شاخوں والے (ہیں) | تو کون (کون سی) نعمتوں کو |

| | | | |
|---|---|---|---|
| رَبِّكُمَا ② | تُكَذِّبٰنِ ② ﴿49﴾ | فِيْهِمَا ② | عَيْنٰنِ ②⑥ |
| اپنے رب (کی) | تم دونوں جھٹلاؤ گے | ان دونوں میں | دو چشمے |

| | | |
|---|---|---|
| تَجْرِيٰنِ ② ج ﴿50﴾ | فَبِاَيِّ اٰلَآءِ | رَبِّكُمَا ② |
| دونوں بہہ رہے ہوں گے | تو کون (کون سی) نعمتوں کو | اپنے رب (کی) |

| | | | |
|---|---|---|---|
| تُكَذِّبٰنِ ② ﴿51﴾ | فِيْهِمَا ② | مِنْ كُلِّ فَاكِهَةٍ | زَوْجٰنِ ②⑦ ج ﴿52﴾ |
| تم دونوں جھٹلاؤ گے | ان دونوں میں | ہر پھل سے | دو (دو) قسمیں (ہوں گی) |

### ضروری وضاحت

① اٰنٍ سے مُراد سخت کھولتا ہوا پانی ہے جو اُن کی آنتڑیوں کو کاٹ دے گا۔ ② علامت كُمَا، اٰنِ، هُمَا میں تعداد میں دو ہونے کا مفہوم ہے۔ ③ مَنْ کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کون، کس ہوتا ہے۔ ④ اسم کے آخر میں ہٖ کا ترجمہ اسکا یا اپنا کیا جاتا ہے۔ ⑤ ذَوَاتَا، ذَاتُ یا ذَوَاتُ (جو کہ مؤنث ہیں) سے تثنیہ ہے اور شاخوں والے سے مُراد گھنے اور سایہ دار ہے۔ ⑥ دو چشموں میں سے ایک کا نام تسنیم اور دوسرے کا سلسبیل بیان کیا جاتا ہے۔ ⑦ دو قسموں سے مُراد دو ذائقے ہیں یا ایک قسم خشک میوے کی اور دوسری تازہ کی۔

| | |
|---|---|
| فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا | تو اپنے رب کی کون (کون) سی نعمتوں کو |
| تُكَذِّبٰنِ ﴿53﴾ | تم دونوں جھٹلاؤ گے۔ ﴿53﴾ |
| مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى فُرُشٍۭ | (جنتی لوگ) تکیہ لگائے ہونگے (ایسے) بچھونوں پر |
| بَطَآئِنُهَا مِنْ اِسْتَبْرَقٍ ؕ | (کہ) ان کے استر موٹے ریشم کے ہونگے |
| وَ جَنَا الْجَنَّتَيْنِ دَانٍ ﴿54﴾ | اور دونوں باغوں کے پھل قریب ہی ہونگے۔ ﴿54﴾ |
| فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا | تو اپنے رب کی کون (کون) سی نعمتوں کو |
| تُكَذِّبٰنِ ﴿55﴾ | تم دونوں جھٹلاؤ گے۔ ﴿55﴾ |
| فِيْهِنَّ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ ۙ | ان میں نیچی نگاہوں والی (حوریں) ہیں |
| لَمْ يَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ | نہیں چھوا انہیں ان سے پہلے کسی انسان نے |
| وَلَا جَآنٌّ ﴿56﴾ | اور نہ کسی جن نے۔ ﴿56﴾ |
| فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا | تو اپنے رب کی کون (کون) سی نعمتوں کو |
| تُكَذِّبٰنِ ﴿57﴾ | تم دونوں جھٹلاؤ گے۔ ﴿57﴾ |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

رَبِّكُمَا : رب، ربوبیت، رب العالمین۔
تُكَذِّبٰنِ : کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔
مُتَّكِـِٕيْنَ : تکیہ، گاؤ تکیہ۔
عَلٰى : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
فُرُشٍ : عرش و فرش۔
مِنْ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
وَ : لیل و نہار، رحم و کرم، شان و شوکت۔

الْجَنَّتَيْنِ : جنت الفردوس، جنات۔
فِيْهِنَّ : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
اِنْسٌ : جن و انس، انسان، انسانیت۔
قَبْلَهُمْ : قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔
لَا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
جَآنٌّ : جن، جنات، جن و انس۔

| | | |
|---|---|---|
| فَبِاَيِّ اٰلَآءِ | رَبِّكُمَا | تُكَذِّبٰنِ ﴿53﴾ |
| تو کون (کون سی) نعمتوں کو | اپنے رب (کی) | تم دونوں جھٹلاؤ گے |

| | | |
|---|---|---|
| مُتَّكِـِٕيْنَ ① | عَلٰى فُرُشٍۭ | بَطَآىِٕنُهَا ② |
| سب تکیہ لگانے والے (ہوں گے) | (ایسے) بچھونوں پر | (کہ) ان کے استر |

| | | | |
|---|---|---|---|
| مِنْ اِسْتَبْرَقٍ ؕ ③ | وَجَنَا | الْجَنَّتَيْنِ | دَانٍ ﴿54﴾ ج |
| موٹے ریشم کے (ہونگے) | اور پھل | دونوں باغوں کے | قریب (ہی ہونگے) |

| | | | |
|---|---|---|---|
| فَبِاَيِّ اٰلَآءِ | رَبِّكُمَا | تُكَذِّبٰنِ ﴿55﴾ | فِيْهِنَّ ④ |
| تو کون (کون سی) نعمتوں کو | اپنے رب (کی) | تم دونوں جھٹلاؤ گے | اُن میں |

| | | |
|---|---|---|
| قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ ۙ ⑤ | لَمْ ⑥ | يَطْمِثْهُنَّ ④ |
| نیچی نگاہوں والی (حوریں ہیں) | نہیں | چھوا اُنہیں |

| | | | |
|---|---|---|---|
| اِنْسٌ ⑧ | قَبْلَهُمْ | وَلَا | جَآنٌّ ⑧ ﴿56﴾ ج |
| کسی انسان (نے) | ان سے پہلے | اور نہ | کسی جن (نے) |

| | | |
|---|---|---|
| فَبِاَيِّ اٰلَآءِ | رَبِّكُمَا | تُكَذِّبٰنِ ﴿57﴾ ج |
| تو کون (کون سی) نعمتوں کو | اپنے رب (کی) | تم دونوں جھٹلاؤ گے |

## ضروری وضاحت

① اسم کے شروع میں مُـ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔② هَا واحد مؤنث کی علامت ہے، کبھی جمع کے لیے بھی استعمال ہوتی ہے۔③ یہاں مِنْ کا ترجمہ کے ضرورتاً کیا گیا ہے۔④ هِنَّ یا هُنَّ جمع مؤنث کی علامتیں ہیں۔ ⑤ ات اسم کے ساتھ جمع مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ⑥ علامت لَمْ کے بعد فعل کا ترجمہ گزرے ہوئے زمانے میں کیا جاتا ہے۔⑦ یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑧ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔

| | |
|---|---|
| كَاَنَّهُنَّ الْيَاقُوْتُ وَ الْمَرْجَانُ ﴿58﴾ | گویا کہ وہ (عورتیں) یاقوت اور موتی ہیں۔ ﴿58﴾ |
| فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا | تو اپنے رب کی کون (کون) سی نعمتوں کو |
| تُكَذِّبٰنِ ﴿59﴾ هَلْ جَزَآءُ الْاِحْسَانِ | تم دونوں جھٹلاؤ گے۔ ﴿59﴾ نہیں ہے احسان کا بدلہ |
| اِلَّا الْاِحْسَانُ ﴿60﴾ | مگر احسان ہی۔ ﴿60﴾ |
| فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا | تو اپنے رب کی کون (کون) سی نعمتوں کو |
| تُكَذِّبٰنِ ﴿61﴾ | تم دونوں جھٹلاؤ گے۔ ﴿61﴾ |
| وَمِنْ دُوْنِهِمَا | اور اُن دونوں (باغات) کے علاوہ |
| جَنَّتٰنِ ﴿62﴾ | دو باغ (اور) ہونگے۔ ﴿62﴾ |
| فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا | تو اپنے رب کی کون (کون) سی نعمتوں کو |
| تُكَذِّبٰنِ ﴿63﴾ | تم دونوں جھٹلاؤ گے۔ ﴿63﴾ |
| مُدْهَآمَّتٰنِ ﴿64﴾ | دونوں باغ بہت گھرے سبز ہیں۔ ﴿64﴾ |
| فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا | تو اپنے رب کی کون (کون) سی نعمتوں کو |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

كَاَنَّهُنَّ : کالعدم، کما حقہ۔
الْيَاقُوْتُ : یاقوت۔
وَ : لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔
الْمَرْجَانُ : یاقوت ومرجان، کشتہء مرجان۔
رَبِّكُمَا : رب، ربوبیت، رب العالمین۔
تُكَذِّبٰنِ : کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔

جَزَآءُ : جزاء وسزا، جزاک اللہ خیراً، جزائے خیر۔
الْاِحْسَانِ : احسان کا بدلہ احسان۔
اِلَّا : الا ماشاءاللہ، الا قلیل، الا یہ کہ۔
مِنْ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
جَنَّتٰنِ : جنت الفردوس، جنات۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| كَاَنَّهُنَّ ①② | الْيَاقُوْتُ | وَ | الْمَرْجَانُ ﴿58﴾ ج |
| گویا کہ وہ (عورتیں) | یاقوت | اور | موتی (ہیں) |

| | | |
|---|---|---|
| فَبِاَيِّ اٰلَآءِ | رَبِّكُمَا | تُكَذِّبٰنِ ﴿59﴾ |
| تو کون (کون سی) نعمتوں کو | اپنے رب (کی) | تم دونوں جھٹلاؤ گے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| هَلْ ③ | جَزَآءُ | الْاِحْسَانِ ④ | اِلَّا |
| نہیں (ہے) | بدلہ | احسان (کا) | مگر |

| | | |
|---|---|---|
| الْاِحْسَانُ ④ ﴿60﴾ ج | فَبِاَيِّ اٰلَآءِ | رَبِّكُمَا |
| احسان (ہی ہے) | تو کون (کون سی) نعمتوں کو | اپنے رب (کی) |

| | | | |
|---|---|---|---|
| تُكَذِّبٰنِ ﴿61﴾ | وَ | مِنْ دُوْنِهِمَا ⑤ | جَنَّتٰنِ ﴿62﴾ ج |
| تم دونوں جھٹلاؤ گے | اور | ان دونوں (باغات) کے علاوہ | (اور) دو باغ (ہوں گے) |

| | | |
|---|---|---|
| فَبِاَيِّ اٰلَآءِ | رَبِّكُمَا | تُكَذِّبٰنِ ﴿63﴾ لا |
| تو کون (کون سی) نعمتوں کو | اپنے رب (کی) | تم دونوں جھٹلاؤ گے |

| | | |
|---|---|---|
| مُدْهَآمَّتٰنِ ⑥ ﴿64﴾ ج | فَبِاَيِّ اٰلَآءِ | رَبِّكُمَا |
| دونوں (باغ) بہت گہرے سبز (ہیں) | تو کون (کون سی) نعمتوں کو | اپنے رب کی |

## ضروری وضاحت

① كَاَنَّ اسم کے شروع میں تشبیہ کے لیے استعمال ہوتا ہے۔② هُنَّ جمع مؤنث کی علامت ہے، مُراد حوریں ہیں۔③ هَلْ کا اصل ترجمہ کیا ہوتا ہے اگر اس کے بعد اِلَّا آ رہا ہو تو اس هَلْ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔④ یہاں پہلے احسان سے مُراد نیکی اور عبادت ہے اور دوسرے احسان سے مُراد اس کا بدلہ نعمتیں اور جنت ہے۔⑤ لفظ دُوْنَ سے پہلے مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔⑥ دونوں باغ بہت گہرے سبز ہوں گے جس کی وجہ کثرت سے سیراب ہونے اور سبزے کی فراوانی ہوگی۔

| | |
|---|---|
| تُكَذِّبٰنِ ﴿65﴾ | تم دونوں جھٹلاؤ گے۔ ﴿65﴾ |
| فِيْهِمَا عَيْنٰنِ نَضَّاخَتٰنِ ﴿66﴾ | ان دونوں میں جوش مارتے ہوئے دو چشمے ہیں۔ ﴿66﴾ |
| فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا | تو اپنے رب کی کون (کون) سی نعمتوں کو |
| تُكَذِّبٰنِ ﴿67﴾ | تم دونوں جھٹلاؤ گے۔ ﴿67﴾ |
| فِيْهِمَا فَاكِهَةٌ | ان دونوں میں پھل |
| وَّ نَخْلٌ وَّ رُمَّانٌ ﴿68﴾ | اور کھجور کے درخت اور انار ہیں۔ ﴿68﴾ |
| فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا | تو اپنے رب کی کون (کون) سی نعمتوں کو |
| تُكَذِّبٰنِ ﴿69﴾ | تم دونوں جھٹلاؤ گے۔ ﴿69﴾ |
| فِيْهِنَّ خَيْرٰتٌ حِسَانٌ ﴿70﴾ | ان میں نیک سیرت اور خوبصورت (عورتیں) ہیں۔ ﴿70﴾ |
| فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا | تو اپنے رب کی کون (کون) سی نعمتوں کو |
| تُكَذِّبٰنِ ﴿71﴾ | تم دونوں جھٹلاؤ گے۔ ﴿71﴾ |
| حُوْرٌ مَّقْصُوْرٰتٌ فِي الْخِيَامِ ﴿72﴾ | (وہ) حوریں ہیں خیموں میں مستور۔ ﴿72﴾ |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| تُكَذِّبٰنِ | : کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔ | خَيْرٰتٌ | : خیرات، خیریت۔ |
| فِيْهِمَا | : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔ | حِسَانٌ | : حسن، تحسین، حسین۔ |
| رَبِّكُمَا | : رب، ربوبیت، رب العالمین۔ | حُوْرٌ | : حور، حوریں۔ |
| وَّ | : لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔ | فِي | : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔ |
| نَخْلٌ | : نخل، نخلستان۔ | الْخِيَامِ | : خیمہ، خیمے، خیمہ بستی۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| تُكَذِّبٰنِ ① ج ﴿65﴾ | فِيْهِمَا ① | عَيْنٰنِ ① | نَضَّاخَتٰنِ ① ج ﴿66﴾ |
| تم دونوں جھٹلاؤ گے | ان دونوں میں | دو چشمے (ہیں) | دونوں جوش مارتے ہوئے |

| | | |
|---|---|---|
| فَبِاَيِّ اٰلَآءِ | رَبِّكُمَا ① | تُكَذِّبٰنِ ① ﴿67﴾ |
| توکون (کون سی) نعمتوں کو | اپنے رب (کی) | تم دونوں جھٹلاؤ گے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| فِيْهِمَا ① | فَاكِهَةٌ ② | وَّ | نَخْلٌ |
| ان دونوں میں | پھل | اور | کھجور کے درخت |

| | | | |
|---|---|---|---|
| وَّ | رُمَّانٌ ج ﴿68﴾ | فَبِاَيِّ اٰلَآءِ | رَبِّكُمَا ① |
| اور | انار (ہیں) | توکون (کون سی) نعمتوں کو | اپنے رب کی |

| | | | |
|---|---|---|---|
| تُكَذِّبٰنِ ① ج ﴿69﴾ | فِيْهِنَّ ③ | خَيْرٰتٌ ② | حِسَانٌ ④ ج ﴿70﴾ |
| تم دونوں جھٹلاؤ گے | ان میں | نیک سیرت | خوبصورت (عورتیں ہیں) |

| | | |
|---|---|---|
| فَبِاَيِّ اٰلَآءِ | رَبِّكُمَا ① | تُكَذِّبٰنِ ① ج ﴿71﴾ |
| توکون (کون سی) نعمتوں کو | اپنے رب کی | تم دونوں جھٹلاؤ گے |

| | | |
|---|---|---|
| حُوْرٌ | مَّقْصُوْرٰتٌ ② | فِي الْخِيَامِ ⑤ ج ﴿72﴾ |
| (وہ) حوریں (ہیں) | مستور (ٹھہرائی ہوئی) | خیموں میں |

## ضروری وضاحت

① علامت اِنِ ، هِمَا ، هُمَا اور كُمَا میں تعداد میں دو ہونے کا مفہوم ہے۔ ② ةٌ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ③ هِنَّ یا هُنَّ جمع مؤنث کی علامتیں ہیں۔ ④ حِسَانٌ سے مُراد ایسی عورتیں ہیں جو حسن و جمال میں یکتا ہوں گی۔ ⑤ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جنت میں موتیوں کے خیمے ہوں گے جن کا عرض ساٹھ میل ہوگا جن کے ہر کونے میں جنتی ہوں گے جن کو دوسرے کونے والے نہیں دیکھ سکیں گے اور مومن اس میں گھومے گا۔ (صحیح بخاری، صحیح مسلم)

| | |
|---|---|
| فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا | تو اپنے رب کی کون (کون) سی نعمتوں کو |
| تُكَذِّبٰنِ ﴿73﴾ج | تم دونوں جھٹلاؤ گے۔ ﴿73﴾ |
| لَمْ يَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ | نہیں چھوا انہیں کسی انسان نے |
| قَبْلَهُمْ وَلَا جَآنٌّ ﴿74﴾ج | ان (جنت والوں) سے پہلے اور نہ کسی جن نے۔ ﴿74﴾ |
| فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا | تو اپنے رب کی کون (کون) سی نعمتوں کو |
| تُكَذِّبٰنِ ﴿75﴾ج | تم دونوں جھٹلاؤ گے۔ ﴿75﴾ |
| مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى رَفْرَفٍ خُضْرٍ | تکیہ لگائے ہونگے سبز قالینوں پر |
| وَّعَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ ﴿76﴾ج | اور نادر اور نفیس (مسندوں پر)۔ ﴿76﴾ |
| فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا | تو اپنے رب کی کون (کون) سی نعمتوں کو |
| تُكَذِّبٰنِ ﴿77﴾ | تم دونوں جھٹلاؤ گے۔ ﴿77﴾ |
| تَبٰرَكَ اسْمُ رَبِّكَ | بہت برکت والا ہے آپ کے رب کا نام |
| ذِي الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ﴿78﴾ع | (جو) صاحب جلال اور عزت والا ہے۔ ﴿78﴾ |

ع 3 / 33 / 13

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

تُكَذِّبٰنِ : کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔
اِنْسٌ : جنّ و انس، انسان، انسانیت۔
قَبْلَهُمْ : قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔
لَا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
جَآنٌّ : جن، جنات، جن و انس۔
مُتَّكِـِٕيْنَ : تکیہ، گاؤ تکیہ۔
عَلٰى : علی الاعلان، علی العموم، علیحدہ۔
خُضْرٍ : گنبدِ خضرا۔
حِسَانٍ : حسن، محسن، تحسین، احسان۔
تَبٰرَكَ : برکت، برکات، مبارک، تبرک۔
اسْمُ : اسم، اسم گرامی، اسم بامسمّٰی۔
رَبِّكَ : رب، ربوبیت، رب العالمین۔
ذِي : ذیشان، ذی روح، ذو معنی، ذو مال، ذو الحجہ۔
الْجَلٰلِ : صاحب جلال، جلالی طبیعت، جلیل القدر۔
الْاِكْرَامِ : کرم، اکرام، تکریم، محترم و مکرم۔

| | | |
|---|---|---|
| فَبِاَيِّ اٰلَآءِ | رَبِّكُمَا | تُكَذِّبٰنِ ﴿73﴾ ج |
| تو کون (کون سی) نعمتوں کو | اپنے رب (کی) | تم دونوں جھٹلاؤ گے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| لَمْ ① | يَطْمِثْهُنَّ ②③ | اِنْسٌ ④ | قَبْلَهُمْ | وَلَا |
| نہیں | چھوا انہیں | کسی انسان نے | اُن سے پہلے | اور نہ |

| | | |
|---|---|---|
| جَآنٌّ ④ ﴿74﴾ ج | فَبِاَيِّ اٰلَآءِ | رَبِّكُمَا |
| کسی جن نے | تو کون (کون سی) نعمتوں کو | اپنے رب (کی) |

| | | |
|---|---|---|
| تُكَذِّبٰنِ ﴿75﴾ ج | مُتَّكِـِٕيْنَ ⑤ | عَلٰى رَفْرَفٍ خُضْرٍ |
| تم دونوں جھٹلاؤ گے | سب تکیہ لگانے والے (ہوں گے) | سبز قالینوں پر |

| | | | |
|---|---|---|---|
| وَّ | عَبْقَرِيٍّ ⑥ | حِسَانٍ ﴿76﴾ ج | فَبِاَيِّ اٰلَآءِ |
| اور | نادر | نفیس (مسندوں پر) | تو کون (کون سی) نعمتوں کو |

| | | | |
|---|---|---|---|
| رَبِّكُمَا | تُكَذِّبٰنِ ﴿77﴾ | تَبٰرَكَ ⑦ | اسْمُ |
| اپنے رب (کی) | تم دونوں جھٹلاؤ گے | بہت برکت والا (ہے) | نام |

ع 3 33 13

| | | | |
|---|---|---|---|
| رَبِّكَ ⑧ | ذِي الْجَلٰلِ | وَ | الْاِكْرَامِ ﴿78﴾ ع |
| آپ کے رب (کا) | (جو) صاحب جلال | اور | عزت (والا ہے) |

### ضروری وضاحت

① علامت لَمْ کے بعد فعل کا ترجمہ عموماً گزرے ہوئے زمانے میں کیا جاتا ہے۔② یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔③ هُنَّ جمع مؤنث کی علامت ہے۔④ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥ عَبْقَرِيٍّ ہر نفیس، نادر اور اعلیٰ چیز کو کہا جاتا ہے۔⑦ علامت تَ اور "ا" میں مبالغے کا مفہوم ہے، یعنی بہت بابرکت، عظمت اور رفعت والا ہے۔⑧ اسم کے آخر میں كَ کا ترجمہ آپ کا، یا اپنا کیا جاتا ہے۔

اٰيَاتُهَا 96 | 56 سُوْرَةُ الْوَاقِعَةِ مَكِّيَّةٌ 46 | رُكُوْعَاتُهَا 3

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

| | |
|---|---|
| اِذَا وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ﴿1﴾ | جب واقع ہونے والی واقع ہوجائے گی۔ ﴿1﴾ |
| لَيْسَ لِوَقْعَتِهَا كَاذِبَةٌ ﴿2﴾ | اس کے واقع ہونے میں کوئی جھوٹ نہیں۔ ﴿2﴾ |
| خَافِضَةٌ رَّافِعَةٌ ﴿3﴾ | (کسی کو) پست کرنیوالی (اور کسی کو) بلند کرنیوالی ہوگی۔ ﴿3﴾ |
| اِذَا رُجَّتِ الْاَرْضُ رَجًّا ﴿4﴾ | جب زمین ہلائی جائے گی سخت ہلایا جانا۔ ﴿4﴾ |
| وَّبُسَّتِ الْجِبَالُ | اور پہاڑ ریزہ ریزہ کردیے جائینگے |
| بَسًّا ﴿5﴾ | خوب ریزہ ریزہ کیا جانا۔ ﴿5﴾ |
| فَكَانَتْ هَبَآءً مُّنْۢبَثًّا ﴿6﴾ | پس وہ ہوجائیں گے پھیلا ہوا غبار۔ ﴿6﴾ |
| وَّكُنْتُمْ اَزْوَاجًا ثَلٰثَةً ﴿7﴾ | اور تم ہوجاؤ گے تین اقسام میں۔ ﴿7﴾ |
| فَاَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ۙ | پس دائیں ہاتھ والے |
| مَآ اَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ﴿8﴾ | کیا (ہی مزے میں) ہیں دائیں ہاتھ والے۔ ﴿8﴾ |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَقَعَتِ، الْوَاقِعَةُ : واقع، وقوع پذیر، وقوعہ۔
كَاذِبَةٌ : کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔
رَّافِعَةٌ : رفعت، سطحِ مرتفع، مرفوع، اعلیٰ وارفع۔
الْاَرْضُ : ارض وسما، قطعہ اراضی، ارضِ مقدس۔
وَ : لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔
الْجِبَالُ : جبل اُحد، جبل رحمت، ملک الجبال۔
ثَلٰثَةً : مثلث، تثلیث، ثالث، ثالثی۔
فَاَصْحٰبُ : اصحابِ صفہ، اصحابِ بدر، اصحابِ کہف۔
الْمَيْمَنَةِ : یمین ویسار، میمنہ ومیسرہ۔

وقف لازم

اٰيَاتُهَا 96 | 56 سُوْرَةُ الْوَاقِعَةِ مَكِّيَّةٌ 46 | رُكُوْعَاتُهَا 3

# بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اِذَا ① | وَقَعَتِ ② | الْوَاقِعَةُ ② لا (1) | لَيْسَ | لِوَقْعَتِهَا ③ |
| جب | واقع ہو جائے گی | واقع ہونے والی | نہیں | اُس کے واقع ہونے میں |

| | | | |
|---|---|---|---|
| كَاذِبَةٌ ② ④ ⑤ م (2) | خَافِضَةٌ ② | رَّافِعَةٌ ② لا (3) | اِذَا ① |
| کوئی جھوٹ | (کسی کو) پست کرنے والی (ہوگی) | (اور کسی کو) بلند کرنے والی (ہوگی) | جب |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| رُجَّتِ ② | الْاَرْضُ | رَجًّا ⑥ لا (4) | وَّ | بُسَّتِ ② |
| ہلائی جائے گی | زمین | سخت ہلایا جانا | اور | ریزہ ریزہ کردیے جائیں گے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| الْجِبَالُ | بَسًّا ⑥ لا (5) | فَكَانَتْ ② | هَبَآءً |
| پہاڑ | خوب ریزہ ریزہ کیا جانا | پس وہ ہو جائیں گے | غبار |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مُّنْۢبَثًّا لا (6) | وَّ | كُنْتُمْ ⑦ | اَزْوَاجًا | ثَلٰثَةً ② ط (7) |
| پھیلا ہوا | اور | تم ہو جاؤ گے | اقسام | تین |

| | | |
|---|---|---|
| فَاَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ② لا ۵ | مَآ ⑧ | اَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ② ط (8) |
| پس دائیں ہاتھ والے | کیا (خوب ہیں) | دائیں ہاتھ والے |

وقف لازم

## ضروری وضاحت

① اِذَا کے بعد عموماً فعل کا ترجمہ مستقبل میں کیا جاتا ہے۔② تْ اور ۃ مؤنث کی علامتیں ہیں اور تْ کو اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے زیر دیتے ہیں۔③ لِ کا ترجمہ میں ضرورتاً کیا گیا ہے۔④ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔⑤ اس کا اصل ترجمہ جھوٹ بولنے والی ہے یہاں ضرورتاً ترجمہ جھوٹ کیا گیا ہے۔⑥ رَجًّا، بَسًّا دونوں مذکور فعل کے مصدر ہیں جو تاکید کیلئے آئے ہیں۔⑦ تُمْ جمع مذکر کی علامت ہے۔⑧ مَا کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کیا، کس اور کبھی نہیں کیا جاتا ہے۔

| | |
|---|---|
| وَاَصۡحٰبُ الۡمَشۡـَٔمَةِ ۙ | اور بائیں ہاتھ والے |
| مَاۤ اَصۡحٰبُ الۡمَشۡـَٔمَةِ ؕ ﴿9﴾ | (افسوس) کیا (ہی بُرے حال میں) ہیں بائیں ہاتھ والے۔ ﴿9﴾ |
| وَالسّٰبِقُوۡنَ | اور سبقت کرنیوالے (ان کا کیا ہی کہنا) |
| السّٰبِقُوۡنَ ۚۙ ﴿10﴾ | (وہ تو) آگے ہی بڑھنے والے ہیں۔ ﴿10﴾ |
| اُولٰٓئِكَ الۡمُقَرَّبُوۡنَ ۚ ﴿11﴾ | وہی لوگ ہی (اللہ کے) مقرب ہیں۔ ﴿11﴾ |
| فِىۡ جَنّٰتِ النَّعِيۡمِ ﴿12﴾ | نعمت والی جنتوں میں ہیں۔ ﴿12﴾ |
| ثُلَّةٌ مِّنَ الۡاَوَّلِيۡنَ ۙ ﴿13﴾ | بہت بڑی جماعت پہلے لوگوں میں سے ہوگی۔ ﴿13﴾ |
| وَقَلِيۡلٌ مِّنَ الۡاٰخِرِيۡنَ ؕ ﴿14﴾ | اور بہت تھوڑے سے پچھلوں میں سے ہونگے۔ ﴿14﴾ |
| عَلٰى سُرُرٍ مَّوۡضُوۡنَةٍ ۙ ﴿15﴾ | سونے کے تاروں سے بُنے ہوئے تختوں پر (آرام کررہے ہونگے) ﴿15﴾ |
| مُّتَّكِـِٕيۡنَ عَلَيۡهَا مُتَقٰبِلِيۡنَ ﴿16﴾ | ان پر ٹیک لگائے آمنے سامنے بیٹھنے والے ہونگے ﴿16﴾ |
| يَطُوۡفُ عَلَيۡهِمۡ وِلۡدَانٌ | چکر لگائیں گے اُن پر (ایسے) لڑکے |
| مُّخَلَّدُوۡنَ ۙ ﴿17﴾ | (جو) ہمیشہ (لڑکے ہی) رکھے جانے والے ہیں۔ ﴿17﴾ |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَصۡحٰبُ : اصحابِ صفہ، اصحابِ بدر، اصحابِ کہف۔
السّٰبِقُوۡنَ : سبقت، سابقہ، حسب سابق۔
الۡمُقَرَّبُوۡنَ : قرب، قریب، مقرب، قرابت۔
فِىۡ : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
جَنّٰتِ : جنت الفردوس، جنات۔
النَّعِيۡمِ : نعمت، انعام، منعم حقیقی۔
مِّنَ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
الۡاَوَّلِيۡنَ : اول وآخر، اولین فرصت، قرون اُولیٰ۔
قَلِيۡلٌ : قلیل، قلت، قلیل مدت، الاقلیل۔
الۡاٰخِرِيۡنَ : اُخروی زندگی، اول وآخر، آخری۔
عَلٰى، عَلَيۡهَا : علی الاعلان، علی العموم، علیحدہ۔
مُّتَّكِـِٕيۡنَ : تکیہ، گاؤتکیہ۔
مُتَقٰبِلِيۡنَ : تقابل، تقابلی جائزہ، مقابلہ۔
يَطُوۡفُ : طواف، طواف بیت اللہ، مطاف۔
وِلۡدَانٌ : ولد، اولاد، مولود، ولادت۔
مُّخَلَّدُوۡنَ : خالد، خلد بریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| وَ | اَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ ۙ | مَآ | اَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ (9) ؕ |
| اور | بائیں ہاتھ والے | (افسوس) کیا (ہی بُرے حال میں ہیں) | بائیں ہاتھ والے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| وَ | السّٰبِقُوْنَ ① | السّٰبِقُوْنَ ① (10) ۚ | اُولٰٓئِكَ ② |
| اور | سب سبقت کرنیوالے | (وہ تو) سب آگے ہی بڑھنے والے (ہیں) | وہی (لوگ) |

| | | |
|---|---|---|
| الْمُقَرَّبُوْنَ ③ (11) ۚ | فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ (12) | ثُلَّةٌ ④ |
| سب قریب کیے ہوئے (ہیں) | نعمت والی جنتوں میں (ہیں) | بہت بڑی جماعت |

| | | | |
|---|---|---|---|
| مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ (13) ۙ | وَ | قَلِيْلٌ | مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ (14) ؕ |
| پہلے لوگوں میں سے (ہوگی) | اور | بہت تھوڑے سے | پچھلوں میں سے ہونگے |

| | | |
|---|---|---|
| عَلٰى سُرُرٍ | مَّوْضُوْنَةٍ (15) ۙ | مُّتَّكِـِٕيْنَ ⑤ |
| (ایسے) تختوں پر | (جو) سونے کے تاروں سے بُنے ہوئے (ہونگے) | سب ٹیک لگانے والے (ہونگے) |

| | | |
|---|---|---|
| عَلَيْهَا | مُتَقٰبِلِيْنَ ⑤⑥ (16) | يَطُوْفُ ⑦ |
| ان پر | سب ایک دوسرے کے سامنے بیٹھنے والے (ہوں گے) | وہ چکر لگائیں گے |

| | | |
|---|---|---|
| عَلَيْهِمْ | وِلْدَانٌ | مُّخَلَّدُوْنَ ③ (17) ۙ |
| ان پر | (ایسے) لڑکے | (جو) سب ہمیشہ (لڑکے ہی) رکھے جانے والے (ہیں) |

## ضروری وضاحت

① اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنیوالے کا مفہوم ہوتا ہے۔② اُولٰٓئِكَ کا اصل ترجمہ وہ لوگ ہے، ضرورتاً ترجمہ یہ کیا جاتا ہے اور اس کا استعمال عموماً بات میں زور ڈالنے کیلئے ہوتا ہے۔③ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زبر میں کیا ہوا کا مفہوم ہوتا ہے۔④ ثُلَّةٌ یعنی ایسا گروہ جس کی تعداد شمار کرنا ناممکن ہو۔⑤ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنیوالے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥ اس اسم میں موجود تا اور "ا" میں کام کو باہمی طور پر کرنے کا مفہوم ہے۔⑦ یہ فعل واحد ہے ضرورتاً ترجمہ جمع میں کیا گیا ہے۔

| | |
|---|---|
| بِاَكْوَابٍ وَّ اَبَارِيْقَ ۙ | آب خوروں اور صراحیوں کے ساتھ |
| وَ كَاْسٍ مِّنْ مَّعِيْنٍ ۙ﴿18﴾ | اور لبریز جام (شراب کے) بہتے ہوئے چشمے سے۔﴿18﴾ |
| لَّا يُصَدَّعُوْنَ عَنْهَا | نہ اس سے وہ سر درد میں مبتلا کیے جائیں گے |
| وَلَا يُنْزِفُوْنَ ۙ﴿19﴾ | اور نہ (ہی اُن کی) عقلیں زائل ہوں گی۔﴿19﴾ |
| وَ فَاكِهَةٍ مِّمَّا يَتَخَيَّرُوْنَ ۙ﴿20﴾ | اور پھل (لیے ہوئے ہونگے) اس سے جو وہ پسند کرینگے۔﴿20﴾ |
| وَ لَحْمِ طَيْرٍ مِّمَّا يَشْتَهُوْنَ ؕ﴿21﴾ | اور پرندوں کا گوشت (اس) سے جو وہ چاہیں گے۔﴿21﴾ |
| وَحُوْرٌ عِيْنٌ ۙ﴿22﴾ | اور موٹی موٹی آنکھوں والی حوریں (ہونگی)﴿22﴾ |
| كَاَمْثَالِ اللُّؤْلُؤِ الْمَكْنُوْنِ ۚ﴿23﴾ | جیسے چھپا کر رکھے ہوئے موتی ہوں۔﴿23﴾ |
| جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿24﴾ | (یہ) بدلہ ہے اس کا جو وہ عمل کرتے تھے۔﴿24﴾ |
| لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا | اس میں وہ بیہودہ گفتگو نہیں سنیں گے |
| وَّلَا تَاْثِيْمًا ۙ﴿25﴾ | اور نہ گناہ میں ڈالنے والی کوئی بات۔﴿25﴾ |
| اِلَّا قِيْلًا سَلٰمًا سَلٰمًا ﴿26﴾ | مگر سلام ہو سلام ہو کی پکار ہوگی۔﴿26﴾ |

### قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| مِّنْ | : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔ | كَاَمْثَالِ | : مثل، مثالیں، امثلہ، تمثیل۔ |
| يَتَخَيَّرُوْنَ | : اختیار، مختار، اختیاری مضامین۔ | جَزَآءً | : جزاء و سزا، جزاک اللہ خیراً، جزائے خیر۔ |
| لَحْمِ | : ماء اللحم، لحمیات، لحیم شحیم۔ | يَعْمَلُوْنَ | : عمل، اعمال صالحہ، معمول۔ |
| طَيْرٍ | : طائر، طیور، طیارہ، طائر لاہوتی۔ | يَسْمَعُوْنَ | : سمع و بصر، آلہ سماعت، سامعین۔ |
| مِّمَّا | : منجانب، من وعن/ ماحول، ماتحت، ماجرا۔ | فِيْهَا | : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔ |
| يَشْتَهُوْنَ | : اشتہا، شہوت۔ | لَغْوًا | : لغو، لغویات۔ |
| حُوْرٌ | : حور، حوریں۔ | اِلَّا | : اِلا ماشاءاللہ، اِلاقلیل، اِلا یہ کہ۔ |
| عِيْنٌ | : عینی شاہد، معاینہ، عین سامنے۔ | قِيْلًا | : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| بِاَكْوَابٍ | وَّ | اَبَارِيْقَ ① | وَ | كَاْسٍ | مِّنْ مَّعِيْنٍ ﴿18﴾ |
| آب خوروں کے ساتھ | اور | صراحیوں | اور | لبریز جام | (شراب کے) بہتے ہوئے چشمے سے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| لَّا | يُصَدَّعُوْنَ ②③ | عَنْهَا | وَلَا | يُنْزِفُوْنَ ﴿19﴾ |
| نہ | وہ سب سردرد میں مبتلا کیے جائیں گے | اس سے | اور نہ | وہ سب مدہوشی میں مبتلا ہوں گے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَفَاكِهَةٍ | مِّمَّا ④ | يَتَخَيَّرُوْنَ ⑤ ﴿20﴾ | وَ | لَحْمِ | طَيْرٍ ⑥ |
| اور پھل | (اس) سے جو | وہ سب پسند کریں گے | اور | گوشت | پرندوں (کا) |

| | | | |
|---|---|---|---|
| مِّمَّا ④ | يَشْتَهُوْنَ ﴿21﴾ | وَ | حُوْرٌ عِيْنٌ ﴿22﴾ |
| (اس) سے جو | وہ سب چاہیں گے | اور | موٹی موٹی آنکھوں والی حوریں (ہونگی) |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| كَاَمْثَالِ ⑦ | اللُّؤْلُؤِ | الْمَكْنُوْنِ ﴿23﴾ | جَزَآءًۢ | بِمَا |
| جیسے | موتی (ہوں) | چھپا کر رکھے ہوئے | بدلہ (ہے) | (اُس) کا جو |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| كَانُوْا | يَعْمَلُوْنَ ﴿24﴾ | لَا يَسْمَعُوْنَ ② | فِيْهَا | لَغْوًا |
| وہ سب تھے | وہ سب عمل کرتے | نہیں وہ سب سنیں گے | اس میں | کوئی بیہودہ گفتگو |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَّلَا | تَاْثِيْمًا ﴿25﴾ | اِلَّا | قِيْلًا | سَلٰمًا | سَلٰمًا ﴿26﴾ |
| اور نہ | کوئی گناہ میں ڈالنے والی بات | مگر | پکار ہوگی | سلام (ہو) | سلام (ہو) |

## ضروری وضاحت

① اَبَارِيْقَ یعنی ایسے برتن جن میں دستے اور ٹوٹیاں دونوں ہوں۔ ② لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔ ③ یہ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس فعل میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ④ مِمَّا دراصل مِنْ + مَا کا مجموعہ ہے۔ ⑤ اس فعل میں موجود تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔ ⑥ طَيْرٍ واحد ہے، مراد پوری جنس ہے۔ ⑦ كَ کا ترجمہ کی طرح اور اَمْثَالِ کا ترجمہ مثالیں ہے، دونوں کا ملا کر ترجمہ جیسے کیا گیا ہے۔

| | |
|---|---|
| وَ اَصۡحٰبُ الۡيَمِيۡنِ ۙ | اور داہنے ہاتھ والے! |
| مَاۤ اَصۡحٰبُ الۡيَمِيۡنِ ؕ﴿27﴾ | کیا (ہی خوب) ہیں داہنے ہاتھ والے۔﴿27﴾ |
| فِىۡ سِدۡرٍ مَّخۡضُوۡدٍ ۙ﴿28﴾ | کانٹے دور کی ہوئی بیریوں میں۔﴿28﴾ |
| وَّ طَلۡحٍ مَّنۡضُوۡدٍ ۙ﴿29﴾ | اور تہہ بہ تہہ لگے ہوئے کیلوں (میں)۔﴿29﴾ |
| وَّ ظِلٍّ مَّمۡدُوۡدٍ ۙ﴿30﴾ | اور لمبے (یعنی پھیلے ہوئے) سائے (میں)۔﴿30﴾ |
| وَّ مَآءٍ مَّسۡكُوۡبٍ ۙ﴿31﴾ | اور گرائے جانیوالے پانی (یعنی آبشاروں میں)۔﴿31﴾ |
| وَّ فَاكِهَةٍ كَثِيۡرَةٍ ۙ﴿32﴾ | اور وافر پھلوں میں ہونگے۔﴿32﴾ |
| لَّا مَقۡطُوۡعَةٍ | (جو کبھی) ختم نہ ہونگے |
| وَّلَا مَمۡنُوۡعَةٍ ۙ﴿33﴾ | اور نہ (ان سے) کوئی روک ٹوک ہوگی۔﴿33﴾ |
| وَّ فُرُشٍ مَّرۡفُوۡعَةٍ ؕ﴿34﴾ | اور بلند کیے ہوئے بستروں میں ہونگے۔﴿34﴾ |
| اِنَّاۤ اَنۡشَاۡنٰهُنَّ | بیشک ہم نے ان (حوروں) کو پیدا کیا |
| اِنۡشَآءً ۙ﴿35﴾ | (خاص طور پر) پیدا کرنا۔﴿35﴾ |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَ : لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔
اَصۡحٰبُ : صاحب، صحبت، اصحاب کہف۔
الۡيَمِيۡنِ : یمین ویسار، میمنہ ومیسرہ۔
فِىۡ : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
سِدۡرٍ : سدرۃ المنتہیٰ۔
ظِلٍّ : ظل ہما، ظل سبحانی۔
مَّمۡدُوۡدٍ : مد، مدت۔
مَآءٍ : ماء الحیات، ماء اللحم۔

كَثِيۡرَةٍ : اکثر، کثیر، کثرت، اکثریت۔
لَّا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
مَقۡطُوۡعَةٍ : قطع تعلق، قطع رحمی، قاطع، مقطوع۔
مَمۡنُوۡعَةٍ : منع، مانع، ممنوع، ممانعت۔
فُرُشٍ : فرش، فراش، صاحب فراش۔
مَّرۡفُوۡعَةٍ : اعلیٰ وارفع، رفعت وسربلندی، سطح مرتفع۔
اَنۡشَاۡنٰهُنَّ : انشاء، انشاء پردازی، نشوونما۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| وَ | اَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ ۙ① | مَآ② | اَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ ۭ① (27) |
| اور | داہنے ہاتھ والے | کیا (ہی خوب ہیں) | داہنے ہاتھ والے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| فِيْ سِدْرٍ | مَّخْضُوْدٍ ۙ③④ (28) | وَّ | طَلْحٍ |
| بیریوں میں | کانٹے دور کی ہوئی | اور | کیلوں (میں) |

| | | | |
|---|---|---|---|
| مَّنْضُوْدٍ ۙ③ (29) | وَّ | ظِلٍّ | مَّمْدُوْدٍ ۙ③⑤ (30) |
| تہہ بہ تہہ لگے ہوئے | اور | سائے (میں) | لمبا کیا ہوا (یعنی پھیلا ہوا) |

| | | | |
|---|---|---|---|
| وَّ | مَآءٍ مَّسْكُوْبٍ ۙ③ (31) | وَّ | فَاكِهَةٍ |
| اور | گرائے جانیوالے پانی | اور | پھلوں (میں ہونگے) |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| كَثِيْرَةٍ ۙ (32) | لَّا | مَقْطُوْعَةٍ③⑥ | وَّ | لَا |
| وافر | نہ | ختم کیے جانے والے | اور | نہ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| مَمْنُوْعَةٍ ۙ③ (33) | وَّ | فُرُشٍ | مَّرْفُوْعَةٍ ۭ③ (34) |
| (ان سے) روکے جانے والے | اور | بستروں (میں ہونگے) | بلند کیے ہوئے |

| | | |
|---|---|---|
| اِنَّآ | اَنْشَاْنٰهُنَّ⑦ | اِنْشَآءً ۙ (35) |
| بیشک ہم نے | ہم نے پیدا کیا ان (حوروں) کو | (خاص طور پر) پیدا کرنا |

ضروری وضاحت

① ان سے مُرادعام مومن ہیں کیونکہ پہلے السّٰبِقُوْنَ ، الْمُقَرَّبُوْنَ کا ذکر تھا، اب عام مومنوں کا ذکر ہے۔② مَا کا ترجمہ کبھی جو، جس کبھی کیا، کس اور کبھی نہیں کیا جاتا ہے۔③ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کیا ہوا کا مفہوم ہے۔④ یہ اسم واحد مذکر کا ہے ضرورتاً ترجمہ مؤنث میں کیا گیا ہے۔⑤ جنت کے ایک درخت کا سایہ اتنا لمبا ہوگا کہ گھڑسوار اس کے سائے میں سو سال بھی دوڑتا رہے تو وہ سایہ ختم نہیں ہوگا (بخاری)۔⑥ یعنی ایسے پھل جو موسم ہو یا نہ ہو کبھی ختم نہ ہوں گے۔⑦ هُنَّ جمع مؤنث کی علامت ہے۔

| | |
|---|---|
| فَجَعَلْنٰهُنَّ اَبْكَارًا ﴿36﴾ | پس ہم نے بنادیا انہیں کنواریاں۔ ﴿36﴾ |
| عُرُبًا اَتْرَابًا ﴿37﴾ | (شوہروں کی) پیاریاں (اور) ہم عمر۔ ﴿37﴾ |
| لِّاَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ﴿38﴾ | داہنے ہاتھ والوں کے لیے۔ ﴿38﴾ |
| ثُلَّةٌ مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ﴿39﴾ | ایک بڑی جماعت پہلے لوگوں میں سے۔ ﴿39﴾ |
| وَ ثُلَّةٌ مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ ﴿40﴾ | اور ایک بڑی جماعت پچھلوں میں سے ہے۔ ﴿40﴾ |
| وَاَصْحٰبُ الشِّمَالِ ۙ | اور بائیں ہاتھ والے |
| مَآ اَصْحٰبُ الشِّمَالِ ﴿41﴾ | کیا (ہی بُرے) ہیں بائیں ہاتھ والے۔ ﴿41﴾ |
| فِيْ سَمُوْمٍ وَّ حَمِيْمٍ ﴿42﴾ | سخت گرم ہوا اور کھولتے پانی میں (ہونگے)۔ ﴿42﴾ |
| وَّ ظِلٍّ مِّنْ يَّحْمُوْمٍ ﴿43﴾ | اور سیاہ دھوئیں کے سائے میں (ہونگے)۔ ﴿43﴾ |
| لَّا بَارِدٍ وَّلَا كَرِيْمٍ ﴿44﴾ | (جو) نہ ٹھنڈا ہے اور نہ خوشنما۔ ﴿44﴾ |
| اِنَّهُمْ كَانُوْا قَبْلَ ذٰلِكَ | بیشک وہ اس سے پہلے (دنیا میں) تھے |
| مُتْرَفِيْنَ ﴿45﴾ | نعمتوں کے مزے اڑانے والے۔ ﴿45﴾ |

ع 38 14

### قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

- اَبْكَارًا : باکرہ، بکارت۔
- لِّاَصْحٰبِ : صاحب، صحبت، صحابی، صحابہ۔
- الْيَمِيْنِ : یمین و یسار، میمنہ و میسرہ۔
- مِّنَ : منجانب، من و عن، من حیث القوم۔
- الْاَوَّلِيْنَ : اول و آخر، اولین، قرون اولیٰ۔
- وَ : لیل و نہار، رحم و کرم، شان و شوکت۔
- الْاٰخِرِيْنَ : اُخروی زندگی، اول و آخر، آخری۔
- الشِّمَالِ : شمال و جنوب، شمالی علاقہ جات۔
- فِيْ : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
- ظِلٍّ : ظل ہما، ظل سبحانی۔
- لَّا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
- بَارِدٍ : برودت (ٹھنڈک)۔
- قَبْلَ : قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔

ع 1 38 14

| | | | |
|---|---|---|---|
| فَجَعَلْنٰهُنَّ ① | اَبْكَارًا ﴿36﴾ لا | عُرُبًا | اَتْرَابًا ② ﴿37﴾ لا |
| پس ہم نے بنا دیا اُنہیں | کنواریاں | پیاریاں | (اور) ہم عمر |

| | | |
|---|---|---|
| لِّاَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ﴿38﴾ طع | ثُلَّةٌ ③ | مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ④ ﴿39﴾ لا |
| داہنے ہاتھ والوں کے لیے | ایک بڑی جماعت | پہلے لوگوں میں سے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ | ثُلَّةٌ ③ | مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ ⑤ ﴿40﴾ ط | وَ | اَصْحٰبُ الشِّمَالِ ۵ لا |
| اور | ایک بڑی جماعت | پچھلوں میں سے ہے | اور | بائیں ہاتھ والے |

| | | |
|---|---|---|
| مَآ | اَصْحٰبُ الشِّمَالِ ﴿41﴾ ط | فِيْ سَمُوْمٍ |
| کیا (ہی بُرے ہیں) | بائیں ہاتھ والے | سخت گرم ہوا (یعنی لُو) میں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَّ | حَمِيْمٍ ﴿42﴾ لا | وَّ | ظِلٍّ | مِّنْ يَّحْمُوْمٍ ⑥ ﴿43﴾ لا |
| اور | کھولتے پانی (میں ہونگے) | اور | سائے (میں ہونگے) | سیاہ دھوئیں کے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| لَّا | بَارِدٍ | وَّ | لَا | كَرِيْمٍ ﴿44﴾ | اِنَّهُمْ |
| نہ | ٹھنڈا | اور | نہ | خوشنما | (اور) بے شک وہ |

| | | |
|---|---|---|
| كَانُوْا | قَبْلَ ذٰلِكَ ⑦ | مُتْرَفِيْنَ ⑧ ﴿45﴾ صلے |
| وہ سب تھے | اِس سے پہلے (دنیا میں) | سب آسودہ حال کیے گئے ہوئے |

## ضروری وضاحت

① هُنَّ جمع مؤنث کی علامت ہے۔ ② یہ تِرْبٌ کی جمع ہے، یعنی تمام جنتی عورتیں ہم عمر ہونگی یا میاں بیوی ہم عمر ہونگے۔ ③ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔ ④ اس سے مُراد یا تو آدم علیہ السلام سے لیکر محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک کے لوگ یا پھر امت محمدیہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پہلے لوگ مُراد ہیں۔ ⑤ یعنی اس اُمت کے پچھلے لوگ۔ ⑥ یہاں مِنْ کا ترجمہ کے ضرورتاً ہوا ہے۔ ⑦ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ یا اُس ہے ضرورتاً ترجمہ یہ، یا اِس کر دیا جاتا ہے۔ ⑧ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زبر میں کیا ہوا کا مفہوم ہوتا ہے۔

| | |
|---|---|
| وَ كَانُوْا يُصِرُّوْنَ | اور وہ اصرار کیا کرتے تھے |
| عَلَى الْحِنْثِ الْعَظِيْمِ ﴿46﴾ | بڑے گناہ (یعنی شرک) پر۔ ﴿46﴾ |
| وَ كَانُوْا يَقُوْلُوْنَ ۙ اَئِذَا مِتْنَا | اور وہ کہتے تھے کیا جب ہم مر جائیں گے |
| وَ كُنَّا تُرَابًا وَّ عِظَامًا | اور ہم ہو جائیں گے مٹی اور ہڈیاں |
| ءَ اِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ﴿47﴾ | (تو) کیا بیشک ہم واقعی اُٹھائے جانیوالے ہیں۔ ﴿47﴾ |
| اَوَ اٰبَآؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ ﴿48﴾ | اور (بھلا) کیا ہمارے پہلے باپ دادا (بھی)۔ ﴿48﴾ |
| قُلْ اِنَّ الْاَوَّلِيْنَ | آپ کہہ دیجیے! بیشک (تمہارے) پہلے |
| وَالْاٰخِرِيْنَ ﴿49﴾ لَمَجْمُوْعُوْنَ ۙ | اور پچھلے (بھی)۔ ﴿49﴾ ضرور جمع کیے جانیوالے ہیں |
| اِلٰى مِيْقَاتِ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿50﴾ | ایک معلوم دن کے مقرر وقت پر۔ ﴿50﴾ |
| ثُمَّ اِنَّكُمْ اَيُّهَا الضَّآلُّوْنَ | پھر بیشک تم اے گمراہو! |
| الْمُكَذِّبُوْنَ ﴿51﴾ | جھٹلانے والو!۔ ﴿51﴾ |
| لَاٰكِلُوْنَ مِنْ شَجَرٍ مِّنْ زَقُّوْمٍ ﴿52﴾ | ضرور کھانے والے ہو تھوہر کے درخت سے۔ ﴿52﴾ |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يُصِرُّوْنَ : مصر رہنا، اصرار کرنا۔
يَقُوْلُوْنَ، قُلْ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
مِتْنَا : موت، اموات، میت۔
تُرَابًا : تربت۔
لَمَبْعُوْثُوْنَ : بعثت، مبعوث، بعث بعد الموت۔
الْاَوَّلُوْنَ : اول و آخر، اولین فرصت، قرون اُولیٰ
لَمَجْمُوْعُوْنَ : جمع، جمیع، جامع، مجمع، اجتماع۔
اِلٰى : مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔

مِيْقَاتِ : وقت، اوقات، میقاتِ حج۔
يَوْمٍ : یوم، ایام، یوم آخرت، یوم آزادی۔
مَّعْلُوْمٍ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔
الضَّآلُّوْنَ : ضلالت و گمراہی۔
الْمُكَذِّبُوْنَ : کاذب، تکذیب، کذاب۔
مِنْ : منجانب، من و عن، من حیث القوم۔
لَاٰكِلُوْنَ : اکل و شرب، ماکولات و مشروبات۔
شَجَرٍ : شجرہ نسب، شجر ممنوعہ، شجر کاری مہم۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| وَ | كَانُوْا | يُصِرُّوْنَ | عَلَى الْحِنْثِ الْعَظِيْمِ ۚ (46) |
| اور | وہ سب تھے | وہ سب اصرار کیا کرتے | بڑے گناہ (شرک) پر |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | كَانُوْا | يَقُوْلُوْنَ ۙ | اَئِذَا | مِتْنَا | وَكُنَّا |
| اور | وہ سب تھے | وہ سب کہتے | کیا جب | ہم مر گئے | اور ہم ہو گئے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| تُرَابًا | وَّ | عِظَامًا | ءَ | اِنَّا ① | لَمَبْعُوْثُوْنَ ②③ ۙ (47) |
| مٹی | اور | ہڈیاں | (تو) کیا | بیشک ہم | واقعی سب اُٹھائے جانیوالے (ہیں) |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَوَ ④ | اٰبَآؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ (48) | قُلْ ⑤ | اِنَّ | الْاَوَّلِيْنَ |
| اور (بھلا) کیا | ہمارے سب پہلے آباؤاجداد (بھی) | آپ کہہ دیجیے | بیشک | سب پہلے |

| | | |
|---|---|---|
| وَالْاٰخِرِيْنَ ۙ (49) | لَمَجْمُوْعُوْنَ ۙ ②③ | اِلٰى مِيْقَاتِ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ⑥⑦ (50) |
| اور سب پچھلے | ضرور سب جمع کیے جانیوالے (ہیں) | ایک معلوم دن کے مقرر وقت پر |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ثُمَّ | اِنَّكُمْ | اَيُّهَا | الضَّآلُّوْنَ | الْمُكَذِّبُوْنَ ⑧ ۙ (51) |
| پھر | بیشک تم | اے | سب گمراہو! | سب جھٹلانے والو |

| | | |
|---|---|---|
| لَاٰكِلُوْنَ ② | مِنْ شَجَرٍ | مِّنْ زَقُّوْمٍ ⑥ ۙ (52) |
| (تم) ضرور سب کھانے والے (ہو) | درخت سے | تھوہر کے |

## ضروری وضاحت

① اِنَّا دراصل اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے، تخفیف کیلئے ایک نون گرا ہوا ہے۔ ② لَ تاکید کی علامت ہے۔ ③ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کیا جانے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ④ اَ کے بعد اگر وَ یا فَ ہو تو اس میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑤ قُلْ قَوْلٌ سے بنا ہے، گرامر کے اصول کے مطابق و کو گرا دیا گیا ہے۔ ⑥ اِلٰی کا ترجمہ پر اور مِنْ کا ترجمہ کے ضرورتاً کیا گیا ہے۔ ⑦ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑧ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔

| | |
|---|---|
| فَمَالِـُٔوْنَ مِنْهَا الْبُطُوْنَ ﴿53﴾ج | پھر اس سے (تم) پیٹ بھرنے والے ہو۔ ﴿53﴾ |
| فَشٰرِبُوْنَ عَلَيْهِ مِنَ الْحَمِيْمِ ﴿54﴾ج | پھر پینے والے ہو اس پر کھولتے پانی سے۔ ﴿54﴾ |
| فَشٰرِبُوْنَ شُرْبَ الْهِيْمِ ﴿55﴾ط | پھر پینے والے ہو پیاسے اونٹوں کے پینے کی طرح۔ ﴿55﴾ |
| هٰذَا نُزُلُهُمْ يَوْمَ الدِّيْنِ ﴿56﴾ط | یہ ان کی مہمانی ہوگی بدلے (قیامت) کے دن۔ ﴿56﴾ |
| نَحْنُ خَلَقْنٰكُمْ | ہم ہی نے تمہیں پیدا کیا |
| فَلَوْلَا تُصَدِّقُوْنَ ﴿57﴾ | تو کیوں نہیں (دوبارہ جی اُٹھنے کو) تم سچ مانتے۔ ﴿57﴾ |
| اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تُمْنُوْنَ ﴿58﴾ط | پھر کیا تم نے دیکھا (غور کیا کہ وہ نطفہ) جو تم ٹپکاتے ہو۔ ﴿58﴾ |
| ءَ اَنْتُمْ تَخْلُقُوْنَهٗۤ | کیا تم اسے پیدا کرتے ہو |
| اَمْ نَحْنُ الْخٰلِقُوْنَ ﴿59﴾ | یا ہم پیدا کرنے والے ہیں۔ ﴿59﴾ |
| نَحْنُ قَدَّرْنَا بَيْنَكُمُ الْمَوْتَ | ہم ہی نے مقرر کردیا ہے تمہارے درمیان موت کو |
| وَمَا نَحْنُ بِمَسْبُوْقِيْنَ ﴿60﴾لا | اور ہم ہرگز عاجز نہیں ہیں۔ ﴿60﴾ |
| عَلٰۤى اَنْ نُّبَدِّلَ | (بلکہ ہم قادر ہیں) اس پر کہ ہم بدل کرلے آئیں (اور لوگ) |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مِنْهَا : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
الْبُطُوْنَ : بطنِ مادر۔
فَشٰرِبُوْنَ : اکل وشرب، ماکولات ومشروبات۔
عَلَيْهِ، عَلٰۤى : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
هٰذَا : لہٰذا، ہٰذا من فضل ربی، علیٰ ہٰذا القیاس۔
يَوْمَ : یوم، ایام، یوم آخرت، یوم آزادی۔
خَلَقْنٰكُمْ : خلق، تخلیق، مخلوق، خلقت، خالق۔

تُصَدِّقُوْنَ : تصدیق، مصدقہ، صادق وامین، صداقت۔
فَرَءَيْتُمْ : رؤیت ہلال، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔
مَّا : ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔
قَدَّرْنَا : تقدیر، مقدر، قدرت۔
بَيْنَكُمْ : بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔
الْمَوْتَ : موت، اموات، میت۔
نُّبَدِّلَ : تبدیل، متبادل، تبادلہ۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فَمَالِـُٔوْنَ ①② | مِنْهَا | الْبُطُوْنَ ﴿53﴾ ج | فَشٰرِبُوْنَ ② | عَلَيْهِ |
| پھر (تم) سب بھرنے والے (ہو) | اس سے | پیٹوں (کو) | پھر سب پینے والے (ہو) | اس پر |

| | | | |
|---|---|---|---|
| مِنَ الْحَمِيْمِ ﴿54﴾ ج | فَشٰرِبُوْنَ ①② | شُرْبَ الْهِيْمِ ﴿55﴾ ط | هٰذَا |
| کھولتے پانی سے | پھر سب پینے والے (ہو) | پیاسے اونٹوں کے پینے (کی طرح) | یہ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| نُزُلُهُمْ | يَوْمَ الدِّيْنِ ﴿56﴾ ط | نَحْنُ خَلَقْنٰكُمْ ③ | فَلَوْلَا ①④ |
| ان کی مہمانی (ہوگی) | قیامت کے دن | ہم ہی نے پیدا کیا تمہیں | تو کیوں نہیں |

| | | | |
|---|---|---|---|
| تُصَدِّقُوْنَ ﴿57﴾ | اَفَرَءَيْتُمْ ①⑤ | مَّا | تُمْنُوْنَ ﴿58﴾ ط |
| تم سب سچ مانتے | پھر (بھلا) کیا تم نے دیکھا | جو | تم (نطفہ) سب ٹپکاتے ہو |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ءَ | اَنْتُمْ تَخْلُقُوْنَهٗ ⑥ | اَمْ | نَحْنُ | الْخٰلِقُوْنَ ②⑦ ﴿59﴾ |
| کیا | تم سب پیدا کرتے ہو اُسے | یا | ہم | پیدا کرنے والے (ہیں) |

| | | | |
|---|---|---|---|
| نَحْنُ قَدَّرْنَا ③ | بَيْنَكُمُ | الْمَوْتَ | وَمَا |
| ہم ہی نے مقرر کردیا ہے | تمہارے درمیان | موت (کو) | اور نہیں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| نَحْنُ | بِمَسْبُوْقِيْنَ ⑦⑧ ﴿60﴾ لا | عَلٰٓى | اَنْ | نُّبَدِّلَ |
| ہم | ہرگز عاجز | (اس) پر | کہ | ہم بدل کرلے آئیں (اورلوگ) |

## ضروری وضاحت

① لفظ کے شروع میں فَ کا ترجمہ پس، تو، پھر کبھی سو ہوتا ہے۔② اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔③ نَحْنُ اور نَا دونوں کا ملا کر ترجمہ ہم نے کیا گیا ہے۔④ لَوْلَا کے بعد اگر فعل ہو تو ترجمہ کیوں نہیں ورنہ ترجمہ اگر نہ ہوتا ہے۔⑤ جب أ کے بعد وَ یا فَ ہو تو اس میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥ اَنْتُمْ اور تَ دونوں کا ملا کر ترجمہ تم کیا گیا ہے۔⑦ یہاں وْنَ اور يْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑧ علامت مَا کے بعد اسی جملے میں بِ ہو تو اس جملے میں ہرگز کا مفہوم شامل ہو جاتا ہے۔

| | |
|---|---|
| اَمْثَالَكُمْ وَ نُنْشِئَكُمْ | تمہارے جیسے اور ہم تمہیں پیدا کر دیں |
| فِيْ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿61﴾ | ایسے (جہان یا صورت) میں جسے تم نہیں جانتے ۔ ﴿61﴾ |
| وَ لَقَدْ عَلِمْتُمُ النَّشْاَةَ الْاُوْلٰى | اور بلا شبہ یقیناً تم جان چکے ہو پہلی (دفعہ کی) پیدائش کو |
| فَلَوْلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿62﴾ | تو کیوں نہیں تم نصیحت پکڑتے ۔ ﴿62﴾ |
| اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تَحْرُثُوْنَ ﴿63﴾ | پھر (بھلا) کیا تم نے دیکھا (غور کیا) جو کچھ تم بوتے ہو۔ ﴿63﴾ |
| ءَ اَنْتُمْ تَزْرَعُوْنَهٗٓ | کیا تم اُگاتے ہو اُسے؟ |
| اَمْ نَحْنُ الزّٰرِعُوْنَ ﴿64﴾ | یا ہم اگانے والے ہیں ۔ ﴿64﴾ |
| لَوْ نَشَآءُ لَجَعَلْنٰهُ حُطَامًا | اگر ہم چاہیں (تو) ضرور ہم کر ڈالیں اسے ریزہ ریزہ |
| فَظَلْتُمْ تَفَكَّهُوْنَ ﴿65﴾ | پھر (حیرت سے) تم باتیں بناتے رہ جاؤ۔ ﴿65﴾ |
| اِنَّا لَمُغْرَمُوْنَ ﴿66﴾ | کہ بیشک ہم یقیناً تاوان ڈال دیے گئے ہیں ۔ ﴿66﴾ |
| بَلْ نَحْنُ مَحْرُوْمُوْنَ ﴿67﴾ | بلکہ ہم محروم ہو گئے ۔ ﴿67﴾ |
| اَفَرَءَيْتُمُ الْمَآءَ | پھر (بھلا) کیا تم نے دیکھا (غور کیا کہ) وہ پانی |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَمْثَالَكُمْ : مثل، مثالیں، امثلہ، تمثیل۔
وَ : لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت ۔
نُنْشِئَكُمْ ، النَّشْاَةَ : نشوونما، نشاۃ ثانیہ، انشا پردازی۔
فِيْ : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
مَا : ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت ۔
لَا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم ۔
تَعْلَمُوْنَ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔
الْاُوْلٰى : اول وآخر، اولین فرصت، قرونِ اُولیٰ ۔

تَذَكَّرُوْنَ : ذکر، اذکار، تذکرہ، تذکیر۔
فَرَءَيْتُمْ : رؤیت ہلال، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔
تَزْرَعُوْنَهٗٓ : زراعت، زرعی زمین، مزارع۔
نَشَآءُ : ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔
بَلْ : بلکہ۔
مَحْرُوْمُوْنَ : محروم، محرومی، محرومیت ۔
الْمَآءَ : ماءالحیات، ماءاللحم۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَمْثَالَكُمْ ① | وَ | نُنْشِئَكُمْ ① | فِيْ مَا | لَا تَعْلَمُوْنَ ② (61) |
| تمہارے جیسے | اور | ہم پیدا کردیں تمہیں | (ایسے جہان یا صورت) میں جسے | نہیں تم سب جانتے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَلَقَدْ | عَلِمْتُمُ ③ | النَّشْاَةَ ④ | الْاُوْلٰى ④ | فَلَوْلَا |
| اور بلاشبہ یقیناً | تم جان چکے ہو | پیدائش (کو) | پہلی (دفعہ کی) | تو کیوں نہیں |

| | | | |
|---|---|---|---|
| تَذَكَّرُوْنَ ⑤ (62) | اَفَرَءَيْتُمْ ③ | مَّا | تَحْرُثُوْنَ (63) ط |
| تم سب نصیحت پکڑتے | پھر (بھلا) کیا تم نے دیکھا (غور کیا) | جو | تم سب بوتے ہو |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ءَ | اَنْتُمْ تَزْرَعُوْنَهٗٓ ⑥ | اَمْ | نَحْنُ | الزّٰرِعُوْنَ ⑦ (64) |
| کیا | تم سب اُگاتے ہو اُسے | یا | ہم | اُگانے والے (ہیں) |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| لَوْ | نَشَآءُ | لَجَعَلْنٰهُ | حُطَامًا | فَظَلْتُمْ |
| اگر | ہم چاہیں | (تو) ضرور ہم کر ڈالیں اُسے | ریزہ ریزہ | پھر تم رہ جاؤ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| تَفَكَّهُوْنَ ⑤ (65) | اِنَّا | لَمُغْرَمُوْنَ (66) لا | بَلْ |
| تم سب (حیرت سے) باتیں بناتے | کہ بیشک ہم | یقیناً سب تاوان ڈال دیے گئے (ہیں) | بلکہ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| نَحْنُ | مَحْرُوْمُوْنَ (67) | اَفَرَءَيْتُمُ ③ | الْمَآءَ |
| ہم | سب محروم (ہو گئے) | پھر (بھلا) کیا تم نے دیکھا (غور کیا) | پانی |

## ضروری وضاحت

① كُمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہارے اور اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہیں کیا جاتا ہے۔② لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔③ تُمْ جمع مذکر کی علامت ہے۔④ ة اور ـٰى مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑤ تَذَكَّرُوْنَ اور تَفَكَّهُوْنَ دراصل تَتَذَكَّرُوْنَ اور تَتَفَكَّهُوْنَ تھے، اس فعل میں موجود تـ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔⑥ اَنْتُمْ اور تَـ دونوں کا ملا کر ترجمہ تم کیا گیا ہے۔⑦ یہاں وْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

| | |
|---|---|
| الَّذِیْ تَشْرَبُوْنَ ﴿68﴾ | جو تم پیتے ہو۔ ﴿68﴾ |
| ءَ اَنْتُمْ اَنْزَلْتُمُوْهُ مِنَ الْمُزْنِ | کیا تم نے اُتارا ہے اُسے بادل سے |
| اَمْ نَحْنُ الْمُنْزِلُوْنَ ﴿69﴾ | یا ہم اُتارنے والے ہیں۔ ﴿69﴾ |
| لَوْ نَشَآءُ جَعَلْنٰهُ اُجَاجًا | اگر ہم چاہیں (تو) ہم کر دیں اسے سخت کڑوا |
| فَلَوْلَا تَشْكُرُوْنَ ﴿70﴾ | تو کیوں نہیں تم شکرادا کرتے (ہمارے احسان کا) ﴿70﴾ |
| اَفَرَءَیْتُمُ النَّارَ | پھر (بھلا) کیا تم نے دیکھا (غور کیا اس) آگ پر |
| الَّتِیْ تُوْرُوْنَ ﴿71﴾ | جو تم جلاتے ہو۔ ﴿71﴾ |
| ءَ اَنْتُمْ اَنْشَاْتُمْ شَجَرَتَهَاۤ | کیا تم نے پیدا کیا ہے اس کے درخت کو |
| اَمْ نَحْنُ الْمُنْشِـُٔوْنَ ﴿72﴾ | یا ہم پیدا کرنے والے ہیں۔ ﴿72﴾ |
| نَحْنُ جَعَلْنٰهَا تَذْكِرَةً | ہم ہی نے بنایا ہے اُسے ایک نصیحت (کا سبب) |
| وَّ مَتَاعًا لِّلْمُقْوِیْنَ ﴿73﴾ | اور فائدے کی چیز مسافروں کے لیے۔ ﴿73﴾ |
| فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِیْمِ ﴿74﴾ | پس آپ تسبیح کیجیے اپنے عظیم رب کے نام کی۔ ﴿74﴾ |

ع 2 36 15 الثلثة

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | |
|---|---|
| تَشْرَبُوْنَ : اکل و شرب، شربت، ماکولات و مشروبات۔ | شَجَرَتَهَاۤ : شجرہ نسب، شجر ممنوعہ، شجر کاری مہم۔ |
| اَنْزَلْتُمُوْهُ : نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔ | تَذْكِرَةً : ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔ |
| مِنَ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔ | وَّ : لیل و نہار، رحم و کرم، شان و شوکت۔ |
| نَشَآءُ : ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔ | مَتَاعًا : متاع کارواں، مال و متاع۔ |
| تَشْكُرُوْنَ : شکر، شاکر، اظہار تشکر، شکر گزار۔ | فَسَبِّحْ : تسبیح، تسبیحات، سبحان اللہ۔ |
| فَرَءَیْتُمْ : رؤیت ہلال، مرئی و غیر مرئی اشیاء۔ | بِاسْمِ : اسم، اسم گرامی، اسم با مسمّٰی۔ |
| النَّارَ : یہ خاکی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔ | رَبِّكَ : رب، ربوبیت، رب العالمین۔ |
| اَنْشَاْتُمْ : انشاء، انشاء پردازی، نشوونما۔ | الْعَظِیْمِ : عظمت، اجر عظیم، معظم، تعظیم۔ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْ ① | تَشْرَبُوْنَ ﴿68﴾ ط | ءَ | اَنْتُمْ | اَنْزَلْتُمُوْهُ ② | مِنَ الْمُزْنِ |
| جو | تم سب پیتے ہو | کیا | تم نے | تم نے اُتارا ہے اُسے | بادل سے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَمْ | نَحْنُ | الْمُنْزِلُوْنَ ③④ ﴿69﴾ | لَوْ ⑤ | نَشَآءُ | جَعَلْنٰهُ |
| یا | ہم | اُتارنے والے (ہیں) | اگر | ہم چاہیں | (تو) ہم کر دیں اُسے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| اُجَاجًا | فَلَوْلَا ⑥ | تَشْكُرُوْنَ ﴿70﴾ | اَفَرَءَيْتُمُ |
| سخت کڑوا | تو کیوں نہیں | تم سب شکر ادا کرتے | پھر کیا تم نے دیکھا |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| النَّارَ ⑦ | الَّتِيْ ① | تُوْرُوْنَ ﴿71﴾ ط | ءَ | اَنْتُمْ | اَنْشَاْتُمْ |
| آگ (کو) | جو | تم سب جلاتے ہو | کیا | تم نے | تم نے پیدا کیا ہے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| شَجَرَتَهَآ | اَمْ | نَحْنُ | الْمُنْشِئُوْنَ ③④ ﴿72﴾ |
| اُس کے درخت کو | یا | ہم | پیدا کرنے والے (ہیں) |

| | | | |
|---|---|---|---|
| نَحْنُ جَعَلْنٰهَا ⑧ | تَذْكِرَةً | وَّ | مَتَاعًا |
| ہم ہی نے بنایا ہے اُسے | ایک نصیحت | اور | فائدے کی چیز |

| | | |
|---|---|---|
| لِّلْمُقْوِيْنَ ﴿73﴾ ج | فَسَبِّحْ | بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ﴿74﴾ ع |
| مسافروں کے لیے | پس آپ تسبیح کیجیے | اپنے عظیم رب کے نام کی |

ع 2 36 15 الثلثة

## ضروری وضاحت

① الَّذِيْ واحد مذکر اور الَّتِيْ واحد مؤنث کی علامت ہے، دونوں کا ترجمہ جو کیا جاتا ہے۔ ② تُمْ کے بعد کوئی اور علامت لگائی ہو تو تُمْ اور اس علامت کے درمیان وْ کا اضافہ کیا جاتا ہے۔ ③ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنیوالے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ④ وْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑤ لَوْ کا ترجمہ کبھی اگر کبھی کاش ہوتا ہے۔ ⑥ لَوْلَا کے بعد فعل ہو تو ترجمہ کیوں نہیں ورنہ ترجمہ اگر نہ ہوتا ہے۔ ⑦ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔ ⑧ نَحْنُ اور نَا دونوں کا ترجمہ ہم ہے۔

| | |
|---|---|
| فَلَآ اُقْسِمُ | پس نہیں! میں قسم کھاتا ہوں |
| بِمَوٰقِعِ النُّجُوْمِ ﴿75﴾ | ستاروں کے گرنے کی جگہوں کی۔﴿75﴾ |
| وَ اِنَّهٗ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِيْمٌ ﴿76﴾ | اور اگر تم جانو تو بیشک یہ یقیناً بہت بڑی قسم ہے۔﴿76﴾ |
| اِنَّهٗ لَقُرْاٰنٌ كَرِيْمٌ ﴿77﴾ | بیشک یہ یقیناً قرآن بڑے رتبے والا ہے۔﴿77﴾ |
| فِيْ كِتٰبٍ مَّكْنُوْنٍ ﴿78﴾ | (جو لکھا ہوا ہے) ایک پوشیدہ کتاب (لوح محفوظ) میں۔﴿78﴾ |
| لَّا يَمَسُّهٗٓ اِلَّا | نہیں چھوتے اسے (لوح محفوظ یا قرآن کو) مگر |
| الْمُطَهَّرُوْنَ ﴿79﴾ تَنْزِيْلٌ | پاک کیے ہوئے لوگ (یعنی فرشتے)﴿79﴾ (یہ) نازل کردہ ہے |
| مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿80﴾ | تمام جہانوں کے رب کی طرف سے۔﴿80﴾ |
| اَفَبِهٰذَا الْحَدِيْثِ اَنْتُمْ | تو (بھلا) کیا تم اس کلام سے |
| مُّدْهِنُوْنَ ﴿81﴾ | بے پروائی کرنے والے ہو۔﴿81﴾ |
| وَ تَجْعَلُوْنَ رِزْقَكُمْ | اور اپنا وظیفہ تم (یہ) بناتے ہو |
| اَنَّكُمْ تُكَذِّبُوْنَ ﴿82﴾ | کہ بیشک تم (اسے) جھٹلاتے ہو۔﴿82﴾ |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| فَلَآ | لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔ | الْمُطَهَّرُوْنَ | طاہر، طہارت، ازواج مطہرات۔ |
| اُقْسِمُ | قسم کھانا، قسمیں۔ | تَنْزِيْلٌ | نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔ |
| بِمَوٰقِعِ | واقع، وقوع پذیر، وقائع نگار، وقوعہ۔ | مِّنْ | منجانب، من وعن، من حیث القوم۔ |
| النُّجُوْمِ | نجم، نجومی، علمِ نجوم۔ | الْعٰلَمِيْنَ | عالم اسلام، عالم عقبیٰ، عالم برزخ۔ |
| تَعْلَمُوْنَ | علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔ | فَبِهٰذَا | لہٰذا، ہذا من فضل ربی، علیٰ ہذا القیاس۔ |
| فِيْ | فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔ | الْحَدِيْثِ | حدیث، تحدیث نعمت۔ |
| يَمَسُّهٗٓ | مس کرنا (چھونا)۔ | مُّدْهِنُوْنَ | مداہنت۔ |
| اِلَّا | الا ماشاء اللہ، الا قلیل، الا یہ کہ۔ | رِزْقَكُمْ | رزق، رزّاق، رازق۔ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فَلَآ ① | اُقْسِمُ | بِمَوٰقِعِ النُّجُوْمِ ﴿75﴾ ② لا | وَ | اِنَّهٗ |
| پس نہیں ! | میں قسم کھاتا ہوں | ستاروں کے گرنے کی جگہوں کی | اور | بیشک وہ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| لَقَسَمٌ | لَّوْ | تَعْلَمُوْنَ | عَظِيْمٌ ﴿76﴾ لا | اِنَّهٗ |
| یقیناً قسم (ہے) | اگر | تم سب جانو | بہت بڑی | بیشک وہ |

| | | |
|---|---|---|
| لَقُرْاٰنٌ | كَرِيْمٌ ﴿77﴾ لا | فِيْ كِتٰبٍ مَّكْنُوْنٍ ﴿78﴾ ③ لا |
| یقیناً قرآن (ہے) | بڑے رُتبے والا | ایک پوشیدہ کتاب (لوح محفوظ) میں |

| | | | |
|---|---|---|---|
| لَّا يَمَسُّهٗٓ ④⑤ | اِلَّا | الْمُطَهَّرُوْنَ ﴿79﴾ ⑥ ط | تَنْزِيْلٌ |
| نہیں چھوتے اُسے | مگر | سب پاک کیے ہوئے لوگ (یعنی فرشتے) | (یہ) نازل کردہ (ہے) |

| | | |
|---|---|---|
| مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿80﴾ | اَ | فَبِهٰذَا الْحَدِيْثِ |
| تمام جہانوں کے رب کی طرف سے | (بھلا) کیا | تو اس کلام سے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| اَنْتُمْ | مُّدْهِنُوْنَ ﴿81﴾ ⑥ لا | وَ | تَجْعَلُوْنَ |
| تم | سب بے پروائی کرنے والے ہو | اور | تم سب بناتے ہو |

| | | |
|---|---|---|
| رِزْقَكُمْ | اَنَّكُمْ | تُكَذِّبُوْنَ ﴿82﴾ |
| اپنی روزی (اس چیز کو) | کہ بیشک تم | تم سب جھٹلاتے ہو (اُسے) |

## ضروری وضاحت

① بعض نے اس لَا کو زائد کہا ہے اور بعض نے کہا کہ یہ لوگوں کی کہی ہوئی کسی بات کی تردید کیلئے آیا ہے اور بعد میں قسم کھا کر اگلی بات کی اہمیت بیان کی گئی ہے۔ ② بِمَوٰقِعِ النُّجُوْمِ سے مُراد ستاروں کے طلوع اور غروب ہونے کی جگہیں ہیں۔ ③ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ④ یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑤ فعل کے آخر میں ہٗ کا ترجمہ اسے ہوتا ہے۔
⑥ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زبر میں کیا ہوا کا مفہوم اور اگر آخر سے پہلے زیر ہو تو اس میں کرنیوالے کا مفہوم ہوتا ہے۔

| | |
|---|---|
| فَلَوْلَآ اِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُوْمَ ﴿83﴾ | پھر (ایسا) کیوں نہیں جب (جان) حلق کو پہنچ جاتی ہے۔ ﴿83﴾ |
| وَ اَنْتُمْ حِيْنَئِذٍ تَنْظُرُوْنَ ﴿84﴾ | اور تم اُس وقت دیکھ رہے ہوتے ہو۔ ﴿84﴾ |
| وَ نَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْكُمْ | اور ہم تم سے زیادہ قریب ہوتے ہیں اُس (مرنیوالے) کے |
| وَلٰكِنْ لَّا تُبْصِرُوْنَ ﴿85﴾ | اور لیکن تم نہیں دیکھ سکتے۔ ﴿85﴾ |
| فَلَوْلَآ اِنْ كُنْتُمْ غَيْرَ مَدِيْنِيْنَ ﴿86﴾ | اگر تم نہیں ہو (کسی کے) محکوم (تو) پھر کیوں نہیں۔ ﴿86﴾ |
| تَرْجِعُوْنَهَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿87﴾ | تم واپس لے آتے اس (روح) کو اگر تم سچے ہو۔ ﴿87﴾ |
| فَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿88﴾ | پس لیکن اگر وہ ہوا (اللہ کے) مقربین میں سے۔ ﴿88﴾ |
| فَرَوْحٌ وَّ رَيْحَانٌ | تو (اس کے لیے) راحت اور خوشبودار پھول |
| وَّجَنَّتُ نَعِيْمٍ ﴿89﴾ | اور نعمت والی جنت ہے۔ ﴿89﴾ |
| وَ اَمَّآ اِنْ كَانَ | اور لیکن اگر وہ ہوا |
| مِنْ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ﴿90﴾ | دائیں ہاتھ والوں میں سے۔ ﴿90﴾ |
| فَسَلٰمٌ لَّكَ | تو (کہا جائے گا) سلامتی ہے تیرے لیے |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | |
|---|---|
| بَلَغَتِ : بالغ، بلوغ، بلوغت، ذرائع ابلاغ۔ | تُبْصِرُوْنَ : سمع وبصر، بصارت، بصیرت۔ |
| الْحُلْقُوْمَ : حلق، حلقوم۔ | غَيْرَ : دیارِ غیر، غیر اللہ، اغیار۔ |
| تَنْظُرُوْنَ : نظر، نظارہ، منظر، منظورِ نظر، تناظر۔ | تَرْجِعُوْنَهَآ : رجوع، راجع، رجعت پسندی۔ |
| اَقْرَبُ : قرب، قریب، مقرب، قرابت، اقرباء۔ | صٰدِقِيْنَ : صداقت، صدقِ دل، صادق وامین۔ |
| اِلَيْهِ : مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔ | نَعِيْمٍ : نعمت، انعام، منعم حقیقی۔ |
| مِنْكُمْ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔ | اَصْحٰبِ : صاحب، صحبت، اصحابِ کہف۔ |
| لٰكِنْ : لیکن۔ | الْيَمِيْنِ : یمین ویسار، میمنہ ومیسرہ۔ |
| لَّا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔ | فَسَلٰمٌ : اسلام، سلام، سلامتی، مسلمان۔ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فَلَوْلَآ ① | اِذَا | بَلَغَتِ ② | الْحُلْقُوْمَ ﴿83﴾ ③ لا | وَاَنْتُمْ |
| پھر (ایسا) کیوں نہیں | جب | (جان) پہنچ جاتی ہے | حلق (کو) | اور تم |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| حِيْنَئِذٍ | تَنْظُرُوْنَ ﴿84﴾ لا | وَنَحْنُ | اَقْرَبُ ④ | اِلَيْهِ ⑤ |
| اُس وقت | تم سب دیکھ رہے ہوتے ہو | اور ہم | زیادہ قریب ہوتے ہیں | اُس (مرنیوالے) کے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مِنْكُمْ | وَلٰكِنْ | لَّا تُبْصِرُوْنَ ﴿85﴾ ⑥ | فَلَوْلَآ ① | اِنْ |
| تم سے | اور لیکن | نہیں تم سب دیکھتے | پھر کیوں نہیں | اگر |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| كُنْتُمْ | غَيْرَ مَدِيْنِيْنَ ﴿86﴾ لا | تَرْجِعُوْنَهَآ | اِنْ | كُنْتُمْ |
| تم ہو | سب غیر محکوم (تو) | تم سب واپس لے آتے اس (روح) کو | اگر | تم ہو |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| صٰدِقِيْنَ ﴿87﴾ | فَاَمَّآ ① | اِنْ | كَانَ ⑦ | مِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿88﴾ لا |
| سب سچے | پس لیکن | اگر | وہ ہوا | (اللہ کے) مقرب لوگوں میں سے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فَرَوْحٌ ① | وَّرَيْحَانٌ ۙ لا | وَّجَنَّتُ | نَعِيْمٍ ﴿89﴾ | وَاَمَّآ |
| تو (اس کے لیے) راحت | اور خوشبودار پھول | اور جنت (ہے) | نعمت والی | اور لیکن |

| | | | |
|---|---|---|---|
| اِنْ كَانَ ⑦ | مِنْ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ﴿90﴾ لا | فَسَلٰمٌ ① | لَّكَ ⑧ |
| اگر وہ ہوا | دائیں ہاتھ والوں میں سے | تو سلامتی (ہے) | تیرے لیے |

**ضروری وضاحت**

① لفظ کے شروع میں فَ کا ترجمہ پس، تو، پھر کبھی سو ہوتا ہے۔ ② تْ فعل کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے اسے زیر دیتے ہیں۔ ③ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو تو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔ ④ اسم کے شروع میں أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔ ⑤ اِلٰی کا ترجمہ کے ضرورتاً کیا گیا ہے۔ ⑥ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔ ⑦ کَانَ کا ترجمہ کبھی تھا کبھی ہوا اور ہے ہوتا ہے۔ ⑧ لَكَ میں لَ دراصل لِ تھا، پڑھنے میں آسانی کیلئے لَ ہوا ہے۔

| | |
|---|---|
| مِنْ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ۭ﴿91﴾ | (کہ تو) دائیں ہاتھ والوں میں سے ہے۔﴿91﴾ |
| وَ اَمَّآ اِنْ كَانَ | اور لیکن اگر وہ ہوا |
| مِنَ الْمُكَذِّبِيْنَ الضَّاۗلِّيْنَ ۙ﴿92﴾ | جھٹلانے والے گمراہوں میں سے۔﴿92﴾ |
| فَنُزُلٌ مِّنْ حَمِيْمٍ ۙ﴿93﴾ | تو (اسکی) مہمانی گرم کھولتے ہوئے پانی سے ہے۔﴿93﴾ |
| وَّ تَصْلِيَةُ جَحِيْمٍ ﴿94﴾ | اور دوزخ میں دھکیلا جانا ہے۔﴿94﴾ |
| اِنَّ هٰذَا لَهُوَ حَقُّ الْيَقِيْنِ ۚ﴿95﴾ | بیشک یہ (دھکیلا جانا) واقعی وہ حق ہے (جو) یقینی ہے۔﴿95﴾ |
| فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ۧ﴿96﴾ | تو آپ تسبیح کیجیے اپنے عظیم رب کے نام کی۔ ۧ﴿96﴾ |

ع 3 22 16

## اٰيَاتُهَا 29 — 57 سُوْرَةُ الْحَدِيْدِ مَدَنِيَّةٌ 94 — رُكُوْعَاتُهَا 4

### بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

| | |
|---|---|
| سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ | تسبیح بیان کی اللہ کی ہر اس چیز نے جو آسمانوں میں |
| وَالْاَرْضِ ۚ وَ هُوَ الْعَزِيْزُ | اور زمین (میں ہے) اور وہی بہت غالب |
| الْحَكِيْمُ ﴿1﴾ | زبردست حکمت والا ہے۔﴿1﴾ |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| مِنْ | : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔ | فَسَبِّحْ | : تسبیح، تسبیحات، سبحان اللہ۔ |
| اَصْحٰبِ | : صاحب، صحبت، اصحاب کہف۔ | بِاسْمِ | : اسم، اسم گرامی، اسم بامسمّٰی۔ |
| الْيَمِيْنِ | : یمین و یسار، میمنہ ومیسرہ۔ | رَبِّكَ | : ربّ، ربِّ کائنات، توحید ربوبیت، مربی۔ |
| الْمُكَذِّبِيْنَ | : کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔ | الْعَظِيْمِ | : عظمت، اجر عظیم، معظم، تعظیم۔ |
| الضَّاۗلِّيْنَ | : ضلالت وگمراہی۔ | مَا | : ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔ |
| هٰذَا | : لہٰذا، ہٰذا من فضل ربی، علیٰ ہذا القیاس۔ | فِي | : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔ |
| حَقُّ | : حق و باطل، حقیقت، حق گوئی، حقوق۔ | السَّمٰوٰتِ | : ارض وسما، کتب سماویہ، آفات سماویہ۔ |
| الْيَقِيْنِ | : یقین، یقین محکم، یقین کامل۔ | الْحَكِيْمُ | : حکیم، حکمت، حکما، حکیم الامت۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| مِنْ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ﴿91﴾ | وَاَمَّآ | اِنْ كَانَ | مِنَ الْمُكَذِّبِيْنَ ① |
| (کہ تو) دائیں ہاتھ والوں میں سے (ہے) | اور لیکن | اگر وہ ہوا | جھٹلانے والوں میں سے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| الضَّآلِّيْنَ ﴿92﴾ | فَنُزُلٌ | مِّنْ حَمِيْمٍ ﴿93﴾ | وَّ ② |
| گمراہوں (میں سے) | تو (اسکی) مہمانی (ہے) | گرم کھولتے ہوئے پانی سے | اور |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| تَصْلِيَةُ ③ | جَحِيْمٍ ﴿94﴾ | اِنَّ | هٰذَا | لَهُوَ | حَقُّ |
| دھکیلا جانا | دوزخ (میں) | بے شک | یہ | واقعی وہ | حق (ہے) |

| | | |
|---|---|---|
| الْيَقِيْنِ ﴿95﴾ | فَسَبِّحْ | بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ④⑤ ﴿96﴾ |
| (جو) یقینی (ہے) | تو آپ تسبیح کیجیے | اپنے عظیم رب کے نام کی |

ع 3 22 16

اٰيَاتُهَا 29 — 57 سُوْرَةُ الْحَدِيْدِ مَدَنِيَّةٌ 94 — رُكُوْعَاتُهَا 4

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

| | | | |
|---|---|---|---|
| سَبَّحَ | لِلّٰهِ ⑥ | مَا | فِي السَّمٰوٰتِ ③ |
| تسبیح بیان کی | اللہ کی | (ہر اس چیز نے) جو | آسمانوں میں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ | الْاَرْضِ | وَ | هُوَ الْعَزِيْزُ ⑦⑧ | الْحَكِيْمُ ⑧ ﴿1﴾ |
| اور | زمین (میں ہے) | اور | وہی بہت غالب | زبردست حکمت والا (ہے) |

ضروری وضاحت

① اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنیوالے کا مفہوم ہوتا ہے۔② وَ کا ترجمہ عموماً اور ہوتا ہے، کبھی حالانکہ یا قسم ہے ہوتا ہے۔③ ۃ، ات مؤنث کی علامتیں ہیں۔④ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو اور کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ کیا جاتا ہے۔⑤ اسم کے آخر میں كَ کا ترجمہ تیرا یا اپنا کیا جاتا ہے۔⑥ اسم کے ساتھ لِ کا ترجمہ کبھی کے لیے اور کبھی کا، کی، کے، کو کیا جاتا ہے۔⑦ هُوَ کے بعد اَلْ میں ہی کا مفہوم ہوتا ہے۔⑧ فَعِيْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہے۔

| | |
|---|---|
| لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ | اسی کی بادشاہی ہے آسمانوں اور زمین کی |
| يُحْيٖ وَ يُمِيْتُ ۚ | وہ زندگی دیتا ہے اور وہی موت دیتا ہے |
| وَ هُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿2﴾ | اور وہ ہر چیز پر خوب قادر ہے۔ ﴿2﴾ |
| هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ | وہی (سب سے) پہلا ہے اور (سب سے) آخر ہے |
| وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ ۚ | اور (وہی سب پر) ظاہر ہے اور (اپنی ذات سے) پوشیدہ ہے |
| وَ هُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿3﴾ | اور وہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے۔ ﴿3﴾ |
| هُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ | وہی ہے جس نے پیدا کیا آسمانوں |
| وَ الْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ | اور زمین کو چھ دنوں میں |
| ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۭ | پھر وہ بلند ہوا (اور قرار پکڑا) عرش پر |
| يَعْلَمُ مَا يَلِجُ فِي الْاَرْضِ | وہ جانتا ہے جو کچھ زمین میں داخل ہوتا ہے |
| وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمَا يَنْزِلُ | اور جو کچھ نکلتا ہے اس سے اور جو کچھ اترتا ہے |
| مِنَ السَّمَآءِ وَمَا يَعْرُجُ فِيْهَا ۭ | آسمان سے اور جو کچھ چڑھتا ہے اس میں (سب جانتا ہے) |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| يُحْيٖ | : حیات، احیائے سنت، حیات جاوداں۔ | اَيَّامٍ | : یوم، ایام، یوم آخرت، یوم آزادی۔ |
| يُمِيْتُ | : موت، اموات، میت۔ | الْعَرْشِ | : عرش الٰہی، عرش وفرش، تحت العرش۔ |
| عَلٰى | : علی الاعلان، علی العموم، علیحدہ۔ | يَعْلَمُ | : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔ |
| شَيْءٍ | : شے، اشیاء، اشیائے خورد و نوش۔ | مَا | : ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔ |
| قَدِيْرٌ | : قدرت، قادر، قدیر۔ | يَخْرُجُ | : خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔ |
| الْبَاطِنُ | : ظاہر و باطن، باطنی طور پر۔ | مِنْهَا | : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔ |
| خَلَقَ | : خلق، تخلیق، خالق، مخلوق، خلقت۔ | يَنْزِلُ | : نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔ |
| فِيْ | : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔ | يَعْرُجُ | : عروج و زوال، عالم عروج، معراج۔ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| لَهٗ ① | مُلْكُ | السَّمٰوٰتِ | وَالْاَرْضِ ج | يُحْيٖ | وَيُمِيْتُ ج |
| اسی کی | بادشاہی (ہے) | آسمانوں | اور زمین (کی) | وہ زندگی دیتا ہے | اور وہ موت دیتا ہے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَهُوَ | عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ | قَدِیْرٌ ② ۝2 | هُوَ الْاَوَّلُ ③ | وَالْاٰخِرُ |
| اور وہ | ہر چیز پر | خوب قادر (ہے) | وہی (سب سے) پہلا ہے | اور (سب سے) آخر ہے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَالظَّاهِرُ | وَالْبَاطِنُ ج | وَهُوَ | بِكُلِّ شَیْءٍ ④ | عَلِیْمٌ ② ۝3 |
| اور (سب پر) ظاہر (غالب) ہے | اور (اپنی ذات سے) پوشیدہ ہے | اور وہ | ہر چیز کو | خوب جاننے والا (ہے) |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| هُوَ الَّذِیْ | خَلَقَ | السَّمٰوٰتِ | وَالْاَرْضَ | فِیْ سِتَّةِ اَیَّامٍ |
| وہی ہے جس نے | پیدا کیا | آسمانوں | اور زمین (کو) | چھ دنوں میں |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ثُمَّ | اسْتَوٰی | عَلَی الْعَرْشِ ط | یَعْلَمُ | مَا | یَلِجُ ⑤ |
| پھر | وہ بلند ہوا | عرش پر | وہ جانتا ہے | جو (کچھ) | وہ داخل ہوتا ہے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فِی الْاَرْضِ | وَمَا | یَخْرُجُ ⑥ | مِنْهَا | وَمَا |
| زمین میں | اور جو (کچھ) | وہ نکلتا ہے | اس سے | اور جو (کچھ) |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| یَنْزِلُ ⑦ | مِنَ السَّمَآءِ | وَمَا | یَعْرُجُ ⑧ | فِیْهَا ط |
| وہ اُترتا ہے | آسمان سے | اور جو (کچھ) | وہ چڑھتا ہے | اس میں |

### ضروری وضاحت

① لَهٗ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کیلئے لَ ہوجاتا ہے۔② فَعِیْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہے۔③ هُوَ کے بعد اَلْ میں ہی کا مفہوم ہے۔④ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ ہوتا ہے۔⑤ یعنی جو بارش کا پانی اور غلہ جات اور میوہ جات کے بیج زمین میں داخل ہوتے ہیں۔⑥ یعنی جو درخت اور پودے وغیرہ زمین سے نکلتے ہیں۔⑦ یعنی بارش، اولے، تقدیر اور وہ احکام جو فرشتے لے کر اترتے ہیں۔⑧ یعنی جو فرشتے انسانوں کے عمل لے کر چڑھتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| وَ هُوَ مَعَكُمْ اَيْنَ مَا كُنْتُمْ ؕ | اور وہ تمہارے ساتھ ہے جہاں کہیں تم ہو |
| وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿4﴾ | اور اللہ (اس) کو جو تم کرتے ہو خوب دیکھنے والا ہے۔ ﴿4﴾ |
| لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ | اسی کی بادشاہی ہے آسمانوں اور زمین کی |
| وَ اِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿5﴾ | اور اللہ ہی کی طرف تمام معاملات لوٹائے جاتے ہیں ﴿5﴾ |
| يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ | وہ داخل کرتا ہے رات کو دن میں |
| وَ يُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ؕ | اور وہی داخل کرتا ہے دن کو رات میں |
| وَ هُوَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿6﴾ | اور وہ سینوں والی باتوں کو خوب جاننے والا ہے۔ ﴿6﴾ |
| اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ | (تو) تم ایمان لاؤ اللہ پر اور اس کے رسول پر |
| وَ اَنْفِقُوْا | اور تم سب خرچ کرو |
| مِمَّا جَعَلَكُمْ مُّسْتَخْلَفِيْنَ فِيْهِ ؕ | (اس) میں سے جس میں اس نے جانشین بنایا ہے تمہیں |
| فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ | پھر جو (لوگ) ایمان لائے تم میں سے |
| وَاَنْفَقُوْا لَهُمْ اَجْرٌ كَبِيْرٌ ﴿7﴾ | اور انہوں نے خرچ کیا ان کے لیے بڑا اجر ہے ﴿7﴾ |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| مَعَكُمْ | : مع اہل وعیال، معیت، مع دوست احباب۔ | النَّهَارِ | : لیل ونہار، نصف النہار۔ |
| بِمَا | : ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔ | عَلِيْمٌ | : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔ |
| تَعْمَلُوْنَ | : عمل، عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔ | بِذَاتِ | : ذات، ذاتی طور پر، بذات خود۔ |
| بَصِيْرٌ | : سمع وبصر، بصارت، مبصر، تبصرہ۔ | الصُّدُوْرِ | : شرح صدر، شق صدر۔ |
| اِلَى | : مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔ | اٰمِنُوْا | : امن، ایمان، مومن۔ |
| تُرْجَعُ | : رجوع، راجع، رجعت پسندی۔ | اَنْفِقُوْا | : نان ونفقہ، انفاق فی سبیل اللہ۔ |
| الْاُمُوْرُ | : امر آمر، مامور، آمریت۔ | مُّسْتَخْلَفِيْنَ | : خلیفہ، خلافت، ناخلف۔ |
| الَّيْلَ | : لیل ونہار، لیلۃ القدر، لیلہ مبارکہ۔ | كَبِيْرٌ | : کبریائی، اکبر، کبیر، تکبر، مکبّر۔ |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
